**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 20.02.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | دہشتگرد عناصر بلوچستان کا امن سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں، صدر مملکت آصف زرداری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | جامعات میں بھرپور توجہ سے تعلیمی ماحول پیدا ہو رہا ہے، گورنر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | ترقیاتی بجٹ کے استعمال میں شفافیت موثر نگرانی یقین بنائی، وزیراعلیٰ بگٹی | انتخاب حب ودیگر اخبارات |
| 04 | صوبائی مشیر بلدیات سے انٹرنیشنل باکسر شعیب زہری کی ملاقات | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | پٹ فیڈر منصوبے کی تکمیل سے زرعی پیداوار میں اضافہ ہوگا، صادق عمرانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | حکومت دہشت گردوں کو انجام تک پہنچائے گی، سلیم کھوسہ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | امن وامان کی بحالی کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائینگے، سردار کھیتران | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | حکومت آزادی صحافت پر مکمل یقین رکھتی ہے، عاصم کرد گیلو | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | لیاقت لہڑی، ولی نورزئی کا کیسکو چیف، ایم ڈی واسا کے ساتھ مشترکہ اجلاس | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | پیپلز پارٹی بلارنگ ونسل عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے، سنجے کمار | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 11 | موسمی تبدیلیوں سے محفوظ رہنے کیلئے شجرکاری کی افادیت سے انکار ممکن نہیں، کمشنر قلات | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | نوجوانوں کو ملکی ترقی میں کردار ادا کرنا ہوگا، میجر جنرل عابد مظہر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | اجتماع کے موقع پر انتظامات مکمل اور سیکورٹی سخت ہے، کمشنر سبی ڈویژن | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | ڈپٹی کمشنر منصور قاضی کے زیر صدارت رمضان بچت بازار کے حوالے سے اجلاس | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | بلوچستان 11 ماہ میں پنجاب سے تعلق رکھنے والے 39، مسافر قتل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | کوئٹہ اپنی مدد آپ کے تحت قائم لائبریری کو خالی کرنے کا نوٹس | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | حکومت نے نوجوان پائلٹ ترقیاتی پروگرام شروع کردیا، شاہد رند | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | حکومت بلوچستان اور صادق پبلک اسکول کے اشتراک سے فلی فنڈڈ اسکالرشپ کا اعلان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | مائننگ کمپنیاں اربوں روپے کما رہی ہے لیکن عوام کی حالت پرسان حال ہے، پی اے سی | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

آپسر کولواہی بازار کا رہائشی نامعلوم افراد کی فائرنگ سے زخمی، قلعہ عبداللہ میں 11 سالہ مغوی لڑکی بازیاب ملزم گرفتار، قلعہ عبداللہ، مستونگ، پنجگور میں فائرنگ چار افراد جاں بحق، تین شدید زخمی، کوہلو میں نامعلوم افراد نے لیویز چوکی کو نذر آتش کردیا، اوستہ محمد پولیس کی کارروائی، ڈکیتی کیس میں مطلوب تین ملزمان گرفتار،

## عوامی مسائل:

گڈز ٹرانسپورٹ کا آج سے ہر قسم کی لوڈنگ بند کرنے کا اعلان، پنجگور ایران سرحدی مارکیٹ ایک سال سے غیر فعال، نوشکی لیڈی ڈاکٹرز کی آسامیاں خالی خواتین کو مشکلات کا سامنا، بلوچستان گڈز ٹرک اونرایسوسی ایشن کا آج صوبے بھر میں احتجاج کا اعلان

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 20.02.2025

**اداریہ :**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**گوادر کتب میلہ ،بلوچستان علم ،محبت ،امن وآشتی کی سرزمین** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ کتب بینی قوموں کی زندگی میں بڑی اہمیت کی حامل ہے، ہر قسم کی ترقی کے دروازے انہی کنجیوں سے کھلا کرتے ہیں کتابوں کے بغیر تاریخ گونگی ،ادب بے بہرہ، سائنس لنگڑی اور خیالات اور سوچیں ساکت ہوتی ہیں بلکہ حقیقت تو یہ ہے کہ کتابوں کے بغیر انسان ادھورا ہے مطالعے سے انسان کے اندر مثبت اور مضبوط سوچ پیدا ہوتی ہے دور جدید میں نئے ذرائع کے باوجود کتب بینی کا شوق نوجوانوں میں پایا جاتا ہے بلوچستان ادب تاریخ ثقافت ،قدیم ورثہ کے حوالے سے مرکزیت رکھتا ہے بلوچستان تہذیب وتمدن کے حوالے سے بھی اپنی منفرد پہنچان رکھتا ہے، بہرحال بلوچستان کی ذرخیز سرزمین نے نامور تاریخ دان، ادیب ،شعراء پیدا کئے ہیں جنہوں نے بلوچستان کی تاریخ ،ثقافت ،زبان ،ادب پر بہت ساری کتابیں لکھی ہیں بلوچستان کا دارلخلافہ کوئٹہ کا مرکزی ومصروف ترین شاہراہ جناح روڈ کا چینکی ہوٹل ہوں یا بڑی کتابوں کی دکانیں یہاں سیاسی طالب علم ،ادیب ،تاریخ دان ،شعراء کی بیٹھک لگتی تھی جبکہ کتابوں کی دکانیں بھی آباد ہوتی تھیں کتب میلہ میں 28 لاکھ روپے سے زائد کی کتابیں فروخت ہوتیں تھی۔

**اداریے:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**سی پیک وگوادر ہماری آنے والی نسلوں کے لئے فائدہ مند ثابت ہوں گے** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے

روزنامہ زمانہ کوئٹہ نے "**بلوچستان پنجابی شناخت والے مسافروں کا قتل** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے

روزنامہ سینچیری ایکسپریس کوئٹہ نے "**دہشت گردی کے خاتمے کا عزم**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**تعلیمی ترقی کے لئے اہم اقدام سوئی میں یونیورسٹی سب کمیپس کاقیام** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Quetta's crumbling road network" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

**مضامین:**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**بلوچستان میں زمینی بندوبست اور ڈیجیٹائزیشن کا عمل** "کے عنوان سے عتیق اللہ کا مضمون شائع کیا ہے۔

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**کتاب میلہ !!!ھوا کے دروازے ﴿گوادر﴾ آسمان کے چاک ہونے کی فریاد!!!**" کے عنوان سے عبدالمتین کا مضمون شائع کیا۔

روزنامہ زمانہ کوئٹہ نے "**بلوچستان کو جیتنا ہے تو دل جیتیں !**" کے عنوان سے قادر خان کا مضمون شائع کیا۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: میزان

Bullet No. 1

Dated: 20 FEB 2025 Page No. 1

صدر مملکت اور وزیراعظم کی بلوچستان کے شہر بارکھان میں مسافروں کو بس سے اتار کر قتل کرنے کی شدید مذمت

# دہشتگرد عناصر بلوچستان کا امن سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں، آصف زرداری

نہتے اور معصوم شہریوں کی جان و مال کو نقصان پہنچانے والوں کو بھاری قیمت ادا کرنی پڑے گی، معصوم شہریوں کی قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جانے دیں گے، شہباز شریف

اسلام آباد (آئی این پی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان کے شہر بارکھان میں دہشت گردوں کی جانب سے مسافروں کو بس سے اتار کر قتل کرنے کے واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے لواحقین سے اظہار تعزیت کیا ہے (بقیہ 3 صفحہ 2 پر

ایوان صدر سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری نے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بے گناہ افراد کا قتل بزدلانہ اور گھناؤنا عمل ہے۔ صدر زرداری نے کہا کہ دہشتگرد عناصر امن اور انسانیت کے دشمن ہیں اور بلوچستان کا امن سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں، انہوں نے مجرمان کو جلد از جلد کیفر کردار تک پہنچانے کی ہدایت کی اور جاں بحق افراد کیلئے مغفرت و لواحقین کیلئے صبر و استقامت کی دعا کی۔ دریں اثنا وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ نہتے شہریوں کو نقصان پہنچانے والوں کو بھاری قیمت چکانا پڑے گی۔ اپنے ایک بیان میں وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان کے شہر بارکھان کے علاقے رڑکن میں دہشت گردوں کی جانب سے مسافروں کو بس سے اتار کر قتل کرنے کی شدید مذمت کی اور جاں بحق افراد کے لواحقین سے اظہار تعزیت کیا ہے۔ شہباز شریف نے مجرمان کو جلد از جلد کیفر کردار تک پہنچانے کی بھی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ نہتے اور معصوم شہریوں کی جان و مال کو نقصان پہنچانے والوں کو بھاری قیمت ادا کرنی پڑے گی، معصوم شہریوں کی قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جانے دیں گے، حکومت اور سکیورٹی فورسز ملک سے دہشتگردی کے مکمل سدباب کیلئے سرگرم عمل ہیں۔ واضح رہے کہ بلوچستان کے شہر بارکھان کے علاقے رڑکن میں مسلح افراد نے شناختی کارڈ دیکھنے کے بعد بس سے اتار کر 7 مسافروں کو قتل کیا، جاں بحق افراد کا تعلق پنجاب کے مختلف شہروں سے ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 20 FEB 2025 Page No. 2



## جامعات میں بھرپور توجہ سے تعلیمی ماحول پیدا ہو رہا ہے، گورنر

**یونیورسٹی آف پنجگور ایک روشن مستقبل کے امید کی کرن ہے، وفد سے گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ تعلیمی اداروں کو تعلیمی اداروں کی طرح رہنے دیں جامعات سے آنے والی نسلوں کا مستقبل وابستہ ہے یہ ہمیشہ سیاست اور ذاتی ایجنڈوں سے بے نیاز اور بالاتر رہتی ہے بلاشبہ پنجگور یونیورسٹی اپنے ممتاز فیکلٹی ممبرز اور باصلاحیت طلباء کے ساتھ ایک روشن مستقبل کیلئے امید کی کرن ہے قابل فخر بات یہ ہے کہ یونیورسٹی آف پنجگور میں خواتین فیکلٹی ممبران کی موجودگی ایک بہت بڑی کامیابی ہے جو صنفی برابری کی ایک قابل تقلید مثال ہے۔ آپ کی ذمہ داری ہے کہ یونیورسٹی میں دستیاب سہولیات کو ملک کی سلامتی، عوام کی خوشحالی اور پڑھے لکھے بلوچستان کے خواب کو حقیقت میں بدلنے کیلئے بروئے کار لائے جائیں اس یقین کے ساتھ کہ یہی اساتذہ کرام اور محنتی نوجوان آگے جا کر پاکستان اور بلوچستان کے نام روشن کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونیورسٹی آف پنجگور کے وائس چانسلر ڈاکٹر ممتاز علی بلوچ کی قیادت میں فیکلٹی ممبران پر مشتمل وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان ہاشم خان غلزئی، پرو وائس ڈاکٹر سعادت بلوچ بھی موجود تھے گورنر نے کہا کہ ہماری مسلسل جدوجہد اور بھرپور توجہ سے صوبے کی تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیز میں تعلیمی ماحول پروان چڑھ رہا ہے اور مزید شعوری کوششیں کر کے اس میں زیادہ بہتری لا سکتے ہیں آخر میں گورنر نے یونیورسٹی آف پنجگور کے فیکلٹی ممبرز میں اسناد اور یادگاری شیلڈز تقسیم کیے۔

## ٹیکس دہندگان کے مسائل میں مدد کرنے کی بھی اشد ضرورت ہے، سیمینار سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ تمام ٹیکس دہندگان کو عزت دیں اور ان کی شکایات سنیں کیونکہ وہ خود ٹیکس سے نہیں ڈرتے بلکہ ٹیکس کی ادائیگی کے عمل کی پیچیدگیوں سے ڈرتے ہیں لہٰذا ضروری ہے کہ ان کیلئے سہولت پیدا کی جائے، مناسب رسائی فراہم کی جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ جمع کیے گئے ٹیکسز دوبارہ جائز طریقے سے خرچ بھی ہو رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے وفاقی ٹیکس محتسب کے زیر اہتمام ایک روزہ آگہی سیمینار کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر وفاقی ٹیکس محتسب آصف محمود جاہ، توصیف قریشی، اور چیف کلکٹر کسٹم سمیت صنعت و تجارت سے وابستہ افراد کی ایک بڑی تعداد موجود تھی گورنر نے کہا کہ حکومت ٹیکس دہندگان کو تمام ضروری سہولیات فراہم کرنے کی کوشش کر رہی ہے، چاہے وہ چیمبر کے ممبران ہوں یا ٹیکس بار کے ممبران۔ ہم تمام متعلقہ افراد کی تجاویز اور سفارشات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ ملک چلانے کیلئے ٹیکس کی بروقت ادائیگی ضروری ہے۔ حکومت جب بھی کوئی نیا ٹیکس لگانے کی کوشش کرتی ہے یا ٹیکس نیٹ کو بڑھانے کیلئے اقدامات کرتی ہے تو اسے ملتوی کرنے کا شور مچ جاتا ہے کیونکہ بعض لوگ ریکارڈ پر نہیں آنا چاہتے حالانکہ یہ بات کی جا سکتی ہے کہ ٹیکس زیادہ ہے لیکن سسٹم سے ہٹ کر بات کرنا مناسب نہیں ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ تاجروں کو یہ خدشہ بھی ہے کہ وفاقی ٹیکس محتسب سے رجوع کرنے کے بعد ٹیکس کا نظام مزید سخت ہو جائیگا۔ گزشتہ دنوں وفاقی حکومت کے ساتھ بات چیت کے دوران یہ نکتہ بھی زیر بحث آیا کہ ٹیکس اصلاحات کے بعد لوگوں کو ٹیکس ادا کرنے میں کم پریشانی ہوگی اور جب انہیں معلوم ہوگا کہ ان کا پیسہ جائز طریقے سے خرچ ہو رہا ہے تو وہ خوشی خوشی ٹیکس نیٹ میں آ جائیں گے۔



کوئٹہ: گورنر جعفر خان مندوخیل سے یونیورسٹی آف پنجگور کے وی سی ڈاکٹر ممتاز بلوچ کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے


MASHRIQ QUETTA


## ملک چلانے کیلئے ٹیکس کی بروقت ادائیگی ضروری ہے، گورنر بلوچستان

**تمام ٹیکس دہندگان کو عزت دی جائے، عوام ٹیکس کی ادائیگی کے عمل کی پیچیدگیوں سے ڈرتے ہیں، جعفر خان مندوخیل**

**وفاقی ٹیکس محتسب کا ادارہ اپنے قیام سے لیکر اب تک اطمینان بخش کارکردگی کا مظاہرہ کر رہا ہے، افسران سے گفتگو**

**پنجگور یونیورسٹی اپنے ممتاز فیکلٹی ممبرز اور طلباء کیساتھ روشن مستقبل کیلئے امید کی کرن ہے، گورنر کی وفد سے بات چیت**

کوئٹہ (ن ن) تمام ٹیکس دہندگان کو عزت دیں اور ان کی شکایات سنیں کیونکہ وہ خود ٹیکس سے نہیں ڈرتے بلکہ ٹیکس کی ادائیگی کے عمل کی پیچیدگیوں سے ڈرتے ہیں لہٰذا ضروری ہے کہ ان کیلئے سہولت پیدا کی جائے، مناسب رسائی فراہم کی جائے اور اس بات کو یقینی ......


بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر


بنایا جائے کہ جمع کیے گئے ٹیکسز دوبارہ جائز طریقے سے خرچ بھی ہو رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وفاقی ٹیکس محتسب کے زیر اہتمام ایک روزہ آگہی سیمینار کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وفاقی ٹیکس محتسب آصف محمود جاہ، توصیف قریشی، اور چیف کلکٹر کسٹم سمیت صنعت و تجارت سے وابستہ افراد کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔ شرکاء سے خطاب میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ موجودہ حکومت ٹیکس دہندگان کو تمام ضروری سہولیات فراہم کرنے کی کوشش کر رہی ہے، چاہے وہ چیمبر کے ممبران ہوں یا ٹیکس بار کے ممبران۔ ہم تمام متعلقہ افراد کی تجاویز اور سفارشات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ ملک چلانے کیلئے ٹیکس کی بروقت ادائیگی ضروری ہے۔ حکومت جب بھی کوئی نیا ٹیکس لگانے کی کوشش کرتی ہے یا ٹیکس نیٹ کو بڑھانے کیلئے اقدامات کرتی ہے تو اسے ملتوی کرنے کا شور مچ جاتا ہے کیونکہ بعض لوگ ریکارڈ پر نہیں آنا چاہتے حالانکہ یہ بات کی جا سکتی ہے کہ ٹیکس زیادہ ہے لیکن سسٹم سے ہٹ کر بات کرنا مناسب نہیں ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ تاجروں کو یہ خدشہ بھی ہے کہ وفاقی ٹیکس محتسب سے رجوع کرنے کے بعد ٹیکس کا نظام مزید سخت ہو جائیگا۔ گزشتہ دنوں وفاقی حکومت کے ساتھ بات چیت کے دوران یہ نکتہ بھی زیر بحث آیا کہ ٹیکس اصلاحات کے بعد لوگوں کو ٹیکس ادا کرنے میں کم پریشانی ہوگی اور جب انہیں معلوم ہوگا کہ ان کا پیسہ جائز طریقے سے خرچ ہو رہا ہے تو وہ خوشی خوشی ٹیکس نیٹ میں آ جائیں گے۔



گورنر جعفر خان مندوخیل، توصیف احمد اور عرفان الرحمٰن تقریب میں شریک ہیں


CamScanner

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

BC-J-1

2841993-2842016-2841078

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 54 | جمعرات 21 شعبان المعظم 1446ھ 20 فروری 2025ء | نمبر 51


صفا کوئٹہ پروجیکٹ فیز 2، 3، 4 کا افتتاح

# ترقیاتی بجٹ کے استعمال میں شفافیت، موثر نگرانی یقینی بنائیں، وزیراعلیٰ بگٹی

حکومت تمام اضلاع میں یکساں ترقیاتی مواقع فراہم کرنے کیلئے پرعزم، پی ایس ڈی پی کی تیاریوں کے حوالے سے اجلاس میں بریفنگ بھی دی گئی

عوام کو معیاری طبی سہولیات فراہم کرینگے، گفتگو، ماہرین نے بریفنگ بھی دی، صفا کوئٹہ پروجیکٹ کو وسعت دینے کا اعلان، دہشتگردی واقعے کی مذمت

کوئٹہ(خ ن+اسٹاف رپورٹر)وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئندہ مالی سال 2025/26 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام (پی ایس ڈی پی) کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کی جس میں مختلف محکموں کے انتظامی سیکرٹریز نے شرکت کی، اجلاس کے دوران ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، بجٹ کی تقسیم اور ترجیحی شعبوں پر تفصیلی غور کیا گیا، وزیر اعلیٰ نے تمام محکموں کو ہدایت کی کہ ترقیاتی اسکیموں کو عوامی ضروریات اور بلوچستان کی پسماندگی کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا جائے، انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ جاری منصوبوں کو مقررہ وقت میں مکمل کرنے کے لیے موثر حکمت عملی اختیار کی جائے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل ہو سکیں، میر سرفراز بگٹی نے تمام انتظامی سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ وہ ترقیاتی بجٹ کے استعمال میں شفافیت اور موثر نگرانی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ترقیاتی اسکیموں کے انتخاب میں میرٹ اور عوامی مفاد کو اولین ترجیح دی جائے، وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان حکومت تمام اضلاع میں یکساں ترقیاتی مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے اور اس سلسلے میں ہر شعبے میں جامع حکمت عملی اپنائی جا رہی ہے، انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ پی ایس ڈی پی کے تحت نئے منصوبوں کی منصوبہ بندی میں جدید تکنیکی طریقے اپنائیں تاکہ ترقیاتی عمل کو مزید موثر اور نتیجہ خیز بنایا جا سکے۔ اجلاس کے دوران مختلف محکموں کے سیکرٹریز نے وزیر اعلیٰ کو اپنے اپنے محکموں میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی اور درپیش چیلنجز سے آگاہ کیا۔ وزیر اعلیٰ نے حائل مشکلات کے حل کے لیے فوری اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی اور محکموں کو تاکید کی کہ وہ باہمی تعاون کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کو محکمہ صحت بلوچستان اور پنجاب کے ماہرین طب نے صوبے میں محکمہ جاتی اصلاحات اور حکومتی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی اس موقع پر امپیٹس گروپ اسلام آباد کے ماہرین نے بلوچستان میں طبی سہولیات کے فروغ کے حوالے سے اپنی تجاویز بھی پیش کیں، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحت کے نظام میں بہتری کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر ایک جامع حکمت عملی اختیار کی جائے گی، صوبائی حکومت صحت کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے پرعزم ہے تاکہ عوام کو معیاری طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں، وزیر اعلیٰ نے ہدایت دی کہ صوبے میں صحت کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم بنانے کے لیے جاری منصوبوں پر عمل درآمد کی رفتار کو تیز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کو اولین ترجیح دے رہی ہے اور اس سلسلے میں مفاد عامہ کے عملی اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ بلوچستان کے اسپتالوں میں جدید طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی تاکہ ہر شہری کو بہتر صحت کی سہولت میسر ہو۔ وزیر اعلیٰ نے محکمہ صحت کے حکام کو ہدایت دی کہ بولان میڈیکل کمپلیکس، سول سنڈیمن پروانشل اسپتال، اور شیخ زید النہیان اسپتال کو مثالی طبی ادارے بنانے کے لیے مکمل روڈ میپ تیار کیا جائے اور اس حوالے سے جلد رپورٹ پیش کی جائے۔



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی صفا پروجیکٹ کے توسیعی منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کو سیکرٹری صحت پنجاب علی جان محکمہ جاتی اصلاحات سے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی و دیگر قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated 20 FEB 2025

Page No. 5



وزیراعلی میر سرفراز بگٹی "صفا کوئٹہ" پروجیکٹ کے زون 2، 3، 4 توسیعی منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



وزیراعلی میر سرفراز بگٹی آئندہ مالی سال 2025/26 کی پی ایس ڈی پی کی تیاریوں کے سلسلے میں تمام محکموں کے انتظامی سیکرٹریز کے اجلاس میں پیش رفت کا جائزہ لے رہے ہیں



وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے آئی جی پولیس معظم جاہ انصاری ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو سابق سیکرٹری صحت علی جان محکمہ جاتی اصلاحات سے متعلق تجاویز ہیلتھ سروسز کی بہتری سے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں



وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی میٹرو پولیٹن اور صفاء کوئٹہ میں نمایاں خدمات سرانجام دینے والے ورکرز کو تعریفی سرٹیفکیٹ تقسیم کر رہے ہیں



وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی "صفا کوئٹہ" پروجیکٹ کے زون توسیعی منصوبے کے افتتاح کے بعد دعا کر رہے ہیں

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 70 | جمعرات، 21 شعبان المعظم، 20 فروری 2025، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# تمام اضلاع میں یکساں ترقیاتی مواقع فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہیں، سرفراز بگٹی

## ترقیاتی بجٹ کے استعمال میں شفافیت اور موثر نگرانی یقینی، میرٹ کو ترجیح دی جائے، پی ایس ڈی پی تیاریوں سے متعلق اجلاس

## صحت کے نظام میں بہتری کیلئے تمام سٹیک ہولڈرز کے ساتھ ملکر جامع حکمت عملی اختیار کی جائے گی، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئندہ مالی سال 2025/26 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام (پی ایس ڈی پی) کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس (باقی صفحہ 5 نمبر 20)

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو محکمہ صحت بلوچستان (باقی صفحہ 5 نمبر 21)

کی صدارت کی جس میں مختلف محکموں کے انتظامی سیکرٹریز نے شرکت کی اجلاس کے دوران ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، بجٹ کی تقسیم اور ترجیحی شعبوں پر تفصیلی غور کیا گیا وزیر اعلیٰ نے تمام محکموں کو ہدایت کی کہ ترقیاتی اسکیموں کو عوامی ضروریات اور بلوچستان کی پسماندگی کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا جائے انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ جاری منصوبوں کو مقررہ وقت میں مکمل کرنے کے لیے موثر حکمت عملی اختیار کی جائے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل ہو سکیں میر سرفراز بگٹی نے تمام انتظامی سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ وہ ترقیاتی بجٹ کے استعمال میں شفافیت اور موثر نگرانی کو یقینی بنائیں انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ترقیاتی اسکیموں کے انتخاب میں میرٹ اور عوامی مفاد کو اولین ترجیح دی جائے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان حکومت تمام اضلاع میں یکساں ترقیاتی مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے اور اس سلسلے میں ہر شعبے میں جامع حکمت عملی اپنائی جا رہی ہے انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ پی ایس ڈی پی کے تحت نئے منصوبوں کی منصوبہ بندی میں جدید تکنیکی طریقے اپنائیں تاکہ ترقیاتی عمل کو مزید موثر اور نتیجہ خیز بنایا جا سکیا جلاس کے دوران مختلف محکموں کے سیکرٹریز نے وزیر اعلیٰ کو اپنے اپنے محکموں میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی اور درپیش چیلنجز سے آگاہ کیا وزیر اعلیٰ نے حائل مشکلات کے حل کے لیے فوری اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی اور محکموں کو تاکید کی کہ وہ باہمی تعاون کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔

اور پنجاب کے ماہرین طب نے صوبے میں محکمہ جاتی اصلاحات اور حکومتی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی اس موقع پر امپیکس گروپ اسلام آباد کے ماہرین نے بلوچستان میں طبی سہولیات کے فروغ کے حوالے سے اپنی تجاویز بھی پیش کیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحت کے نظام میں بہتری کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر ایک جامع حکمت عملی اختیار کی جائے گی صوبائی حکومت صحت کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے پرعزم ہے تاکہ عوام کو معیاری طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ہدایت کی کہ دیہی علاقوں میں صحت کے مراکز کو فعال بنانے کے لیے موثر حکمت عملی اختیار کی جائے اور تمام اسپتالوں میں ادویات کی فراہمی اور طبی عملے کی تعیناتی کو یقینی بنایا جائے۔ وزیر اعلیٰ نے محکمہ صحت کے حکام کو ہدایت دی کہ بولان میڈیکل کمپلیکس، سول سنڈیمن پروانشل اسپتال، اور شیخ زید النہیان اسپتال کو مثالی طبی ادارے بنانے کے لیے مکمل روڈ میپ تیار کیا جائے اور اس حوالے سے جلد رپورٹ پیش کی جائے اجلاس میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، سیکرٹری صحت مجیب الرحمان پانیزئی، اسپیشل سیکرٹری صحت فہک بلوچ، ڈی جی ہیلتھ سروسز ڈاکٹر امین خان مندوخیل، ڈائریکٹر بلوچستان ہیلتھ کارڈ پروگرام ڈاکٹر احمد ولی خان، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکریٹریٹ محمد فریدون، اور امپیکس گروپ کے سربراہ و سابق سیکرٹری صحت پنجاب علی جان سمیت ہیلتھ کنسورشیم کے ماہرین نے شرکت کی۔

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-4

قیمت 30 روپے ★ صفحات

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | بروز جمعرات/20 فروری 2025ء بمطابق/21 شعبان المعظم 1446ھ | شمارہ نمبر 51

# شعبہ صحت میں جامع حکمت عملی اور ترقیاتی بجٹ میں شفافیت یقینی بنائی جائے

**میر سرفراز بگٹی**

**صوبائی حکومت صحت کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے پرعزم ہے تاکہ عوام کو معیاری طبی سہولیات فراہم کی جاسکیں، اجلاس سے خطاب**

**جاری منصوبوں کو مقررہ وقت میں مکمل کرنے کیلئے موثر حکمت عملی اختیار کی جائے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل ہوسکیں، وزیراعلیٰ بلوچستان**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو محکمہ صحت بلوچستان اور پنجاب کے ماہرین طب نے صوبے میں محکمہ جاتی اصلاحات اور حکومتی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی اس موقع پر اسپیس گروپ اسلام آباد کے ماہرین نے بلوچستان میں طبی سہولیات کے فروغ کے حوالے سے بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئندہ مالی سال 2025/26 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام (پی ایس ڈی پی) بقیہ نمبر 48 صفحہ 5 پر

اپنی تجاویز بھی پیش کیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحت کے نظام میں بہتری کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر ایک جامع حکمت عملی اختیار کی جائے گی صوبائی حکومت صحت کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے پرعزم ہے تاکہ عوام کو معیاری طبی سہولیات فراہم کی جاسکیں وزیراعلیٰ نے ہدایت دی کہ صوبے میں صحت کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم بنانے کے لیے جاری منصوبوں پر عمل درآمد کی رفتار کو تیز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جدید مشینری کی تنصیب، طبی عملے کی پیشہ ورانہ تربیت، اور صحت مراکز کی بہتری سے عوام کو عملی ریلیف فراہم کیا جاسکتا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کو اولین ترجیح دے رہی ہے اور اس سلسلے میں مفاد عامہ کے عملی اقدامات ناگزیر ہیں انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ بلوچستان کے اسپتالوں میں جدید طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی تاکہ ہر شہری کو بہتر صحت کی سہولت میسر ہو وزیراعلیٰ بلوچستان نے ہدایت کی کہ دیہی علاقوں میں صحت کے مراکز کو فعال بنانے کے لیے موثر حکمت عملی اختیار کی جائے اور تمام اسپتالوں میں ادویات کی فراہمی اور طبی عملے کی تعیناتی کو یقینی بنایا جائے انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ صحت کے نظام میں ڈیجیٹلائزیشن متعارف کرائی جائے تاکہ طبی سہولیات اور ادویات کی دستیابی کو مربوط نظام کے تحت منظم کیا جاسکے۔

کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کی جس میں مختلف محکموں کے انتظامی سیکریٹریز نے شرکت کی اجلاس کے دوران ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، بجٹ کی تقسیم، اور ترجیحی شعبوں پر تفصیلی غور کیا گیا وزیراعلیٰ نے تمام محکموں کو ہدایت کی کہ ترقیاتی اسکیموں کو عوامی ضروریات اور بلوچستان کی پسماندگی کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا جائے انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ جاری منصوبوں کو مقررہ وقت میں مکمل کرنے کے لیے مؤثر حکمت عملی اختیار کی جائے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل ہوسکیں میر سرفراز بگٹی نے تمام انتظامی سیکریٹریز کو ہدایت کی کہ وہ ترقیاتی بجٹ کے استعمال میں شفافیت اور موثر نگرانی کو یقینی بنائیں انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ترقیاتی اسکیموں کے انتخاب میں میرٹ اور عوامی مفاد کو اولین ترجیح دی جائے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان حکومت تمام اضلاع میں یکساں ترقیاتی مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے اور اس سلسلے میں ہر شعبے میں جامع حکمت عملی اپنائی جاری ہے انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ پی ایس ڈی پی کے تحت نئے منصوبوں کی منصوبہ بندی میں جدید تکنیکی طریقے اپنائیں تاکہ ترقیاتی عمل کو مزید مؤثر اور نتیجہ خیز بنایا جاسکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8



THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب حب بلوچستان

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-3

قیمت 40 روپے ★ صفحات 8

www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 37 | بروز بدھ/19 فروری 2025ء بمطابق/20 شعبان المعظم 1446ھ | شمارہ نمبر 50


بلوچستان ملکی معیشت میں بنیادی حیثیت رکھتا ہے، گوادر بندرگاہ خطے کی سب سے بڑی تجارتی راہداری بننے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے، میر سرفراز بگٹی

# سی پیک اور گوادر پورٹ سے تجارتی انقلاب آئے گا، صدر زرداری

تاجکستان سے بلوچستان تک پانی لانے پر غور کر رہے ہیں، اپنی طویل قید کے دوران گوادر پورٹ کا چین سمیت دوست ممالک کیساتھ مشترکہ اقتصادی مرکز کے طور پر تصور کیا، سی پیک اور گوادر پورٹ فائدہ مند ثابت ہونگے

گوادر پاکستان کو عالمی منڈیوں سے جوڑنے کیساتھ ہمسایہ ممالک کیلئے بھی سمندری تجارت کے ایک اہم دروازے کے طور پر کام کرے گا، بڑے ترقیاتی منصوبے امن واستحکام کے بغیر ممکن نہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

اسلام آباد، کوئٹہ (یو این اے) صدر مملکت آصف علی زرداری نے علاقائی روابط مضبوط کرنے کے لیے پاکستان کا عزم دہراتے ہوئے کہا ہے کہ تاجکستان سے بلوچستان تک پانی لانے پر غور کر رہے ہیں اور فزیبلٹی اسٹڈی مکمل کرلی گئی ہے۔ اسلام آباد میں علاقائی روابط اور پاکستان: ابھرتے مواقع کے موضوع پر بین الاقوامی کانفرنس کے اختتامی اجلاس سے خطاب میں صدر مملکت آصف علی زرداری

بقیہ نمبر 70 صفحہ 7 پر

نے علاقائی روابط اور اقتصادی تعاون مضبوط بنانے کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا اور کہا کہ پاک۔ چین اقتصادی راہداری) سی پیک (اور گوادر پورٹ علاقائی تجارت اور خوش حالی کے فروغ میں اہم کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا اسٹریٹجک محل وقوع علاقائی تجارت بڑھانے کے لیے اہم مواقع فراہم کرتا ہے، پاکستان چین، وسطی ایشیا اور مشرق وسطی کو جوڑنے کے لیے قدرتی تجارتی راہداری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اپنی طویل قید کے دوران گوادر پورٹ کا چین سمیت دوست ممالک کے ساتھ مشترکہ اقتصادی مرکز کے طور پر تصور کیا، سی پیک اور گوادر ہماری آنے والی نسلوں کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان تاجکستان سے بلوچستان تک پانی لانے پر غور کر رہا ہے، تاجکستان سے پانی لانے کے لیے متحدہ عرب امارات کے تعاون سے فزیبلٹی اسٹڈی مکمل کرلی گئی ہے۔ آصف علی زرداری نے خطے میں اقتصادی اور ثقافتی تعلقات مزید مضبوط بنانے کے لیے تاریخی تجارتی راستے بحال کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔

اسلام آباد / کوئٹہ (آئی این پی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت میں بلوچستان کلیدی کردار ادا کر رہا ہے اور علاقائی ترقی میں

بقیہ نمبر 71 صفحہ 7 پر

اس کی اہمیت مزید بڑھ رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو یہاں اسلام آباد میں منعقدہ "علاقائی رابطہ اور پاکستان میں ابھرتے ہوئے مواقع" کے موضوع پر بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صدر پاکستان آصف علی زرداری، پاک چائنا انسٹی ٹیوٹ کے چیئرمین سینیٹر مشاہد حسین سید اور دیگر اعلیٰ شخصیات بھی موجود تھیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان کا جغرافیائی اور تزویراتی محل وقوع اسے خطے میں ایک نئے جیو اکنامک دور کے مرکز میں لا کھڑا کرتا ہے صدیوں سے پاکستان کا خطہ تجارتی، ثقافتی اور فکری تبادلوں کا مرکز رہا ہے جو مشرق اور مغرب کے درمیان ایک پل کا کردار ادا کرتا رہا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کی اقتصادی ترقی میں بنیادی حیثیت رکھتا ہے گوادر پورٹ کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ بندرگاہ خطے کی سب سے بڑی تجارتی راہداری بننے کی صلاحیت رکھتی ہے جدید بندرگاہ کی مطابقت کے تحت انفراسٹرکچر، اعلیٰ درجے کی لاجسٹک سہولیات اور کثیر الجہتی مواصلاتی روابط کے ذریعے گوادر نہ صرف پاکستان کو عالمی منڈیوں سے جوڑے گا بلکہ ہمسایہ ممالک کے لیے بھی سمندری تجارت کے ایک اہم دروازے کے طور پر کام کرے گا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے چین، پاکستان اقتصادی راہداری کو پاکستان اور چین کے درمیان گہرے دوستانہ تعلقات اور باہمی اعتماد کی علامت قرار دیتے ہوئے کہا کہ سی پیک صرف ایک بنیادی ڈھانچے کا منصوبہ نہیں بلکہ پاکستان کے عوام کے لیے امید کی کرن ہے خاص طور پر بلوچستان کے لوگوں کے لیے جہاں نئے روزگار کے مواقع ہنر مندی کی تربیت اور کاروباری مواقع تیزی سے حقیقت بنتے جا رہے ہیں وہاں گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی حالیہ تکمیل چین کا تحفہ ہے جو علاقائی رابطوں کو مزید وسعت دے گا اور سرمایہ کاری کے نئے دروازے کھولے گا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سی پیک کے تصور، آغاز اور نفاذ میں صدر مملکت آصف علی زرداری کے کردار کو سراہتے ہوئے بلوچستان کی ترقی کے لئے ان کی کاوشوں دلچسپی اور اقدامات پر خراج تحسین پیش کیا انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ایسے بڑے ترقیاتی منصوبے امن اور استحکام کے بغیر ممکن نہیں اس تناظر میں بلوچستان حکومت امن وامان، گورننس اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ حقیقی ترقی اسی وقت ممکن ہوتی ہے جب عوام کو ترقیاتی عمل میں شمولیت کا حقیقی احساس ہو اور حکومت کی ترجیح عوام کی معاشی اور سماجی ترقی ہو، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان حکومت شفاف پالیسیوں، شفاف ترقیاتی عمل اور منصفانہ مواقع کی فراہمی کو یقینی بنا رہی ہے تاکہ ترقی کے ثمرات عام آدمی تک پہنچ سکیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے دور دراز علاقوں کے شہریوں کو تعلیم، صحت اور بنیادی سہولیات تک مکمل رسائی کی فراہمی کے لئے کام کر رہے ہیں تاکہ وہ قومی ترقی میں مؤثر کردار ادا کر سکیں میر سرفراز بگٹی نے پاکستان چین انسٹی ٹیوٹ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ایسے فورمز ہمیں خطے کی بے پناہ اقتصادی اور تجارتی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے میں مدد دیتے ہیں انہوں نے امید ظاہر کی کہ پاکستان اس کے ہمسایہ ممالک اور خطے کے عوام مشترکہ ترقی اور خوشحالی کے سفر کو مل کر آگے بڑھائیں گے ہم ترقی کی راہ پر ثابت قدم ہیں اور ہمیں یقین ہے کہ باہمی اتحاد، شراکت داری اور باہمی احترام کے ذریعے ہم ایک خوشحال مستقبل کی بنیاد رکھ سکتے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: روزنامہ انتخاب

Bullet No. 1

Dated: 20 FEB 2025 Page No. 10



اسلام آباد: صدر آصف علی زرداری، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور سینیٹر مشاہد حسین سید "علاقائی رابطہ اور پاکستان میں ابھرتے ہوئے مواقع" کے موضوع پر عالمی کانفرنس میں شریک ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 11

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 | جمعرات 20 فروری 2025ء بمطابق 21 شعبان 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 51


## مجھے سو فیصد پیپلز پارٹی کی سپورٹ حاصل ہے

# بلوچستان کا کنٹرول دہشتگردوں کے ہاتھوں میں بالکل نہیں ہے: میر سرفراز بگٹی

### صوبے میں امریکہ کا افغانستان میں چھوڑا گیا اسلحہ استعمال کیا جا رہا ہے، دہشت گرد گھنٹے دو گھنٹے سے زیادہ ٹکتے نہیں، واردات کی ویڈیو وائرل کر کے فرار ہو جاتے ہیں

### کوئٹہ کے حالات اتنے خراب نہیں ایک مخصوص تنظیم نوجوانوں کو ریاست کے خلاف سوشل میڈیا پر اکسا رہی ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان کا نجی ٹی وی کو انٹرویو

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ سو فیصد پارٹی کی سپورٹ حاصل ہے بحیثیت وزیر اعلیٰ مجھے اپنی پوزیشن ٹھیک لگ رہی ہے بلوچستان میں دہشتگردی کیلئے پڑھی لکھی بچیوں کو خودکش جیکٹ پہنا رہے ہیں بلوچستان میں امریکہ کی افغانستان میں چھوڑے گئے اسلحہ کا استعمال کیا جا رہا ہے مولانا فضل الرحمان کو پارٹی میں بلوچستان کے بارے معلومات غلط دیا ہے گورنر بلوچستان نے جو نقطہ اٹھایا تھا اس کی اجازت فارن آفس دیتی ہے بلوچستان حکومت سے لینا دینا نہیں ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو میں کہی سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان میرے لئے قابل احترام ہے میرا ذاتی رشتہ بھی ہے ان کی پارٹی میں بلوچستان کے بارے معلومات غلط دیا ہے بلوچستان کی سرزمین پر دہشتگرد ایک سے دو گھنٹے ٹکتے نہیں ہیں اور نہ ہی بلوچستان کا سرزمین دہشتگردوں کے کنٹرول میں ہے دہشتگرد بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں چھپکے سے وار کرتے ہیں ایک سے دو گھنٹے دہشتگردی کر کے پانچ منٹ کی ویڈیو بنا کر چلے جاتے ہیں پھر سوشل میڈیا پر وائرل کرتے ہیں تو ایسا لگتا ہے کہ بلوچستان کا کنٹرول دہشتگردوں کے ہاتھ میں ہے ایسا بالکل نہیں ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امریکہ کی افغانستان میں چھوڑے گئے اسلحہ کا استعمال کیا جا رہا ہے جس طرح پچھلے ادوار میں ٹی ٹی پی کیلئے پیس فل راستہ چھوڑا گیا تھا اسی طرح بلوچستان میں بھی کیا ہے اسی وجہ سے دوبارہ دہشتگردی میں اضافہ ہوا ہے انہوں نے کہا کہ گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل ٹھیک کہہ رہے ہیں کوئٹہ کے حالات بالکل اتنے خراب نہیں ہیں گورنر بلوچستان نے جو نقطہ اٹھایا تھا جس معاملے پر اس کی اجازت فارن آفس دیتی ہے اس کی بلوچستان حکومت سے لینا دینا نہیں ہے اگر کوئی مذاکرات کرنا چاہتا ہے تو حکومت پاکستان اور بلوچستان کے دروازے کھلے ہیں اگر آپ دہشتگردی کے ذریعے پاکستان کو کیک کے طرح کاٹیں گے تو ہم حشر تک لڑیں گے ملک توڑنے نہیں دیں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو اس وقت تین بڑے چیلنجز کا سامنا ہے بلوچستان حکومت دنیا کی اعلیٰ تعلیمی اداروں میں طلباء و طالبات کو اسکالرشپ کے تحت تعلیم کیلئے بیرون ملک بھیج رہی ہے یہ لوگ بلوچستان میں دہشتگردی کیلئے پڑھی لکھی بچیوں کو خودکش جیکٹ پہنا رہے ہیں حکومت بلوچستان صوبے بھر میں بھرتیاں سو فیصد میرٹ پر کی ہے بلوچستان میں ایک مخصوص تنظیم جو نوجوانوں کو ریاست کے خلاف سوشل میڈیا پر اکسا رہی ہے دہشتگردوں کی نانی ایک ہے پاکستان تحریک انصاف بغیر سوچے سمجھے اپنی مفادات کی خاطر ریاست کو نقصان پہنچا رہی ہے میں اپیل کرتا ہوں بلوچستان کو اپنی گندی سیاست سے دور رکھیں ہم نے بلوچستان کے اراکین اسمبلی کو ان کیمرہ بریفنگ دی ہے ہمارے لئے سیاست نہیں ریاست اہم ہے انہوں نے کہا کہ مجھے سو فیصد پاکستان پیپلز پارٹی کی سپورٹ حاصل ہے اس کے علاوہ مخلوط حکومت کی بھرپور حمایت حاصل ہے اور اپوزیشن کیساتھ بھی ٹھیک ہیں میں بحیثیت وزیر اعلیٰ مجھے اپنی پوزیشن ٹھیک لگ رہی ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 12

THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA
روزنامہ باخبر کوئٹہ
بانی اکرام اللہ خان
کوئٹہ اور بلوچستان بھر سے

روزنامہ باخبر 20 فروری 2025ء

## کوئٹہ کے سرکاری ہسپتالوں کو مثالی بنانے کا روڈ میپ تیار کیا جائے، وزیراعلیٰ کی ہدایت

### وزیراعلیٰ بلوچستان سے پنجاب کے ماہرین طب کی ملاقات، محکمہ جاتی اصلاحات پر بریفنگ دی گئی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو محکمہ صحت بلوچستان اور پنجاب کے ماہرین طب نے صوبے میں محکمہ جاتی اصلاحات اور حکومتی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی اس موقع پر اپیکس گروپ اسلام آباد کے ماہرین نے بلوچستان میں طبی سہولیات کے فروغ کے حوالے سے اپنی تجاویز بھی پیش کیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحت کے نظام میں بہتری کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر ایک جامع حکمت عملی اختیار کی جائے گی صوبائی حکومت صحت کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے پرعزم ہے تاکہ عوام کو معیاری طبی سہولیات فراہم کی جاسکیں وزیراعلیٰ نے ہدایت دی کہ صوبے میں صحت کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم بنانے کے لیے جاری منصوبوں پر عمل درآمد کی رفتار کو تیز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جدید مشینری کی تنصیب، طبی عملے کی پیشہ ورانہ تربیت، اور صحت مراکز کی بہتری سے عوام کو عملی ریلیف فراہم کیا جاسکتا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کو اولین ترجیح دے رہی ہے اور اس سلسلے میں مفاد عامہ کے عملی اقدامات ناگزیر ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کو سابق سیکرٹری صحت پنجاب علی جان بذریعہ ویڈیو لنک محکمہ صحت سے متعلق تجاویز دے رہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے آئی جی پولیس معظم جاہ انصاری ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی "صفا کوئٹہ" پروجیکٹ کے توسیعی منصوبے کی افتتاحی تقریب میں دعا کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی پی ایس ڈی پی کی تیاریوں کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 13

روزنامہ میزان کوئٹہ

چیف ایڈیٹر برکت علی

جلد 76 جمعرات 20 فروری 2025ء 21 شعبان المعظم 1446ھ قیمت 20 روپے شمارہ 172

# کوئٹہ ہم سب کا گھر ہے صفائی ستھرائی کیلئے ہر فرد نے کردار ادا کرنا ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

جب کوئی خواب حقیقت میں ڈھلتا ہے تو یہ خوشی کا باعث ہوتا ہے میں آج انتہائی مسرت محسوس کر رہا ہوں اس خوشی کا سب سے زیادہ کریڈٹ ان بچوں کو جاتا ہے جو نیلے یونیفارم میں ملبوس ہو کر مشکل حالات میں کوئٹہ میں صفائی کے فرائض انجام دے رہے ہیں

میں ان کی محنت اور لگن کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، کوئٹہ شہر کی خوبصورتی اور صفائی ستھرائی کے لئے ہر ممکن تعاون جاری رکھا جائے گا، میر سرفراز بگٹی کا "صفا کوئٹہ" پروجیکٹ کے زون 2، 3، 4 تک توسیعی منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ کوئٹہ ہم سب کا گھر ہے جس کی صفائی ستھرائی کے لئے ہر فرد نے اپنا کردار ادا کرنا ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے صفا کوئٹہ پروجیکٹ کو پورے ڈسٹرکٹ کوئٹہ تک وسعت دینے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ شہر کی (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)

خوبصورتی اور صفائی ستھرائی کے لئے ہر ممکن تعاون جاری رکھا جائے گا انہوں نے کہا کہ جب کوئی خواب حقیقت میں ڈھلتا ہے تو یہ خوشی کا باعث ہوتا ہے میں آج انتہائی مسرت محسوس کر رہا ہوں اور اس خوشی کا سب سے زیادہ کریڈٹ ان بچوں کو جاتا ہے جو نیلے یونیفارم میں ملبوس ہو کر مشکل حالات میں کوئٹہ میں صفائی کے فرائض انجام دے رہے ہیں میں ان کی محنت اور لگن کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں ان خیالات کا اظہار انہوں نے "صفا کوئٹہ" پروجیکٹ کے زون 2، 3، 4 تک توسیعی منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، وزیر اعلیٰ نے کمشنر کوئٹہ اور "صفا کوئٹہ" کی ٹیم کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے منصوبے مشکلات کا شکار ضرور ہوتے ہیں کیونکہ بعض عناصر نہیں چاہتے کہ ان کی من مانیاں ختم ہوں اور کوئٹہ جیسے شہر میں ترقیاتی تبدیلیاں آئیں انہوں نے کہا کہ صفائی کے اس انقلابی اقدام سے بعض مافیاز پریشان ہو رہے ہیں مگر ہم سب مل کر ان چیلنجز کا مقابلہ کریں گے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان میرے تمام وزراء اور کوئٹہ کے تمام منتخب نمائندے "صفا کوئٹہ" کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور اس منصوبے کو کامیاب بنانے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کریں گے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان مکمل طور پر "صفا کوئٹہ" کی حمایت جاری رکھے گی اور کسی قسم کی رکاوٹ کو برداشت نہیں کیا جائے گا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ میں میٹروپولیٹن یونین کے لوگوں کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے کوئٹہ کی صفائی کے لیے اپنی خدمات پیش کیں اور اس مثبت اقدامات میں ساتھ دیا ہم ہر اس اقدام کی حمایت کریں گے جو میرٹ اور قانون کے مطابق ہوگا چاہے وہ اساتذہ کی بھرتی ہو، ڈاکٹروں کی تعیناتی ہو یا سیکرٹریٹ میں اصلاحات کا عمل ہو، وزیر اعلیٰ نے خبردار کیا کہ کسی بھی قسم کی بلیک میلنگ کو قبول نہیں کیا جائے گا اگر کوئی ہڑتال کرنا چاہتا ہے تو وہ پورا سال کرے مگر عوامی مفاد کے خلاف کسی دباؤ کو قبول نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے مجھے یہ اختیار دیا ہے کہ میں عام شہری کی خدمت کروں اور اس خدمت میں کوئی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے اعلان کیا کہ "صفا کوئٹہ" پروجیکٹ کو مزید وسعت دی جائے گی اور اس کا دائرہ پورے ضلع کوئٹہ تک پھیلایا جائے گا انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اس منصوبے کا حصہ بنیں اور اپنے گھروں اور بازاروں کو صاف رکھنے میں انتظامیہ کا ساتھ دیں وزیر اعلیٰ نے خاص طور پر نوجوانوں اور تاجروں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ ہم سب کا گھر ہے اور اس کی صفائی ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے انہوں نے تاجروں پر زور دیا کہ وہ جناح روڈ اور دیگر بازاروں میں صفائی کو یقینی بنائیں تاکہ کوئٹہ کو پاکستان کے صاف ترین شہروں میں شامل کیا جا سکے انہوں نے کہا کہ "صفا کوئٹہ" ٹیم کی کارکردگی کو مانیٹر کیا جائے گا اور اس حوالے سے تھرڈ پارٹی آڈٹ بھی کیا جائے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ میں روزانہ "صفا کوئٹہ" کی سوشل میڈیا رپورٹس کا جائزہ لیتا ہوں شہر سے متعلق عوام کی رائے کو مدنظر رکھ کر فیصلے کیے جاتے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کوئٹہ میں مزید ترقیاتی منصوبے بھی جلد شروع کیے جائیں گے خاص طور پر ائیرپورٹ روڈ کو بین الاقوامی معیار کے مطابق بنایا جائے گا تاکہ شہر کی خوبصورتی میں اضافہ ہو وزیر اعلیٰ بلوچستان نے "صفا کوئٹہ" کے تمام کارکنان، کوئٹہ کی عوام اور تمام سرکاری اہلکاروں کا شکریہ ادا کیا اور عزم کیا کہ بلوچستان میں مزید ترقیاتی تبدیلیاں لائی جائیں گی وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان میں دہشت گردی کے حالیہ واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گرد ہمارے معاشرتی اور ثقافتی اقدار کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں بلوچستان روایتوں کا امین صوبہ رہا ہے بلوچ کلچر، پشتون کلچر، ہزارہ کلچر و دیگر آباد قبائل کی ثقافت ہماری پہچان رہی ہے لیکن ان ظالموں نے تمام روایات کو پس پشت ڈال کر معصوم مسافروں کو شہید کیا بحیثیت قوم ہمیں اس واقعے کی بھرپور مذمت کرنی چاہیے حکومت سیکورٹی فورسز کے ساتھ مل کر اس تخریب کاری کی عفریت کا مقابلہ کرے گی اور بلوچستان سے دہشت گردوں کا صفایا کیا جائے گا، تقریب کے آغاز میں کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات نے صفا کوئٹہ پروجیکٹ کی کارکردگی پر روشنی ڈالتے ہوئے دیگر شہروں کا موازنہ پیش کیا اور تفصیلی بریفنگ دی، تقریب میں صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز، اراکین اسمبلی اور مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی، قبل ازیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صفا کوئٹہ پروجیکٹ کے فیز 2، 3 اور 4 کا باقاعدہ افتتاح کیا، تقریب میں آمد پر بچوں نے پھولوں کا گلدستہ پیش کرکے وزیر اعلیٰ بلوچستان کا استقبال کیا۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے آئی جی پولیس معظم جاہ انصاری ملاقات کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو سابق سیکرٹری صحت پنجاب و ایکسس گروپ کے سربراہ علی جان خان جاتی اصلاحات سے متعلق تجاویز و ہیلتھ سروسز کی بہتری سے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں

روزنامہ میزان کوئٹہ

جمعرات 20 فروری 2025ء، 21 شعبان المعظم 1446ھ


میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت آئندہ مالی سال 2025/26 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام (پی ایس ڈی پی) کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس

# ترقیاتی اسکیمیں عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دی جائیں، وزیر اعلیٰ

جاری منصوبوں کو مقررہ وقت میں مکمل کرنے کے لیے مؤثر حکمت عملی اختیار کی جائے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل ہو سکیں، اجلاس میں ہدایت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئندہ مالی سال 2025/26 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام (پی ایس ڈی پی) کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کی جس میں مختلف محکموں کے انتظامی سیکرٹریز نے شرکت کی اجلاس کے دوران ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، بجٹ کی تقسیم، اور ترجیحی شعبوں پر تفصیلی غور کیا گیا وزیر اعلیٰ نے تمام محکموں کو ہدایت کی کہ ترقیاتی اسکیموں کو عوامی ضروریات اور (بقیہ 36 صفحہ 7 پر)



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی "منا کوئٹہ" پروجیکٹ کے زون 2، 3، 4 کے سبسی منصوبے کا افتتاح کر رہے ہیں۔

بلوچستان کی پسماندگی کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا جائے انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ جاری منصوبوں کو مقررہ وقت میں مکمل کرنے کے لیے مؤثر حکمت عملی اختیار کی جائے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل ہو سکیں میر سرفراز بگٹی نے تمام انتظامی سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ وہ ترقیاتی بجٹ کے استعمال میں شفافیت اور مؤثر نگرانی کو یقینی بنائیں انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ترقیاتی اسکیموں کے انتخاب میں میرٹ اور عوامی مفاد کو اولین ترجیح دی جائے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان حکومت تمام اضلاع میں یکساں ترقیاتی مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے اور اس سلسلے میں ہر شعبے میں جامع حکمت عملی اپنائی جا رہی ہے انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ پی ایس ڈی پی کے تحت نئے منصوبوں کی منصوبہ بندی میں جدید تکنیکی طریقے اپنائیں تاکہ ترقیاتی عمل کو مزید مؤثر اور نتیجہ خیز بنایا جا سکیا جلاس کے دوران مختلف محکموں کے سیکرٹریز نے وزیر اعلیٰ کو اپنے اپنے محکموں میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی اور درپیش چیلنجز سے آگاہ کیا وزیر اعلیٰ نے حائل مشکلات کے حل کے لیے فوری اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی اور محکموں کو تاکید کی کہ وہ باہمی تعاون کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔

## میر غلام قادر بگٹی سب کیمپس آف میر چاکر خان رند یونیورسٹی ایٹ سوئی کے قیام کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت کی تعلیمی ترقی کے وژن کی روشنی میں بلوچستان کابینہ کی منظوری کے بعد گورنر بلوچستان و چانسلر پبلک سیکٹر یونیورسٹیز کی جانب سے میر غلام قادر بگٹی سب کیمپس آف میر چاکر خان رند یونیورسٹی ایٹ سوئی کے قیام کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری (بقیہ 30 صفحہ 2 پر)

کر دیا گیا ہے یہ سب کیمپس بلوچستان یونیورسٹیز ایکٹ 2022 کے تحت قائم کردہ وائس چانسلرز کمیٹی کی سفارشات اور حکومت بلوچستان (صوبائی کابینہ) کی منظوری کے بعد قائم کیا گیا ہے جو فوری طور پر نافذ العمل ہوگا اس فیصلے کے تحت میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی کا نیا سب کیمپس سوئی میں قائم ہوگا جس سے علاقے کے طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع میسر آئیں گے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت تعلیمی شعبے میں ترقیاتی اقدامات کو اولین ترجیح دے رہی ہے، تاکہ بلوچستان کے نوجوانوں کو معیاری اور جدید تعلیم ان کے اپنے علاقوں میں دستیاب ہو سکے اس اقدام کا مقصد بلوچستان میں تعلیمی ترقی کو فروغ دینا اور جدید تعلیمی سہولیات کو مزید وسعت دینا ہے، تاکہ مقامی طلبہ کو معیاری تعلیم ان کے اپنے علاقے میں دستیاب ہو۔ اس سلسلے میں میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی کے وائس چانسلر کو بھی ہدایت دی گئی ہے کہ وہ نئے قائم شدہ سب کیمپس کی ایچ ای سی سے منظوری اور یہاں سے جاری ہونے والی ڈگریوں کی باقاعدہ تسلیم شدگی کے لیے ضروری اقدامات کریں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے تعلیمی ترقی کے وژن کے تحت، صوبائی حکومت مزید ایسے منصوبوں پر کام کر رہی ہے جو بلوچستان میں اعلیٰ تعلیمی اداروں کی تعداد میں اضافے اور تعلیمی سہولیات کی بہتری کو یقینی بنائیں گے اس اقدام سے نہ صرف بلوچستان کے نوجوانوں کو بہتر تعلیمی مواقع فراہم ہوں گے بلکہ صوبے میں ترقی و خوشحالی کے ایک نئے دور کا آغاز بھی ہوگا۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی آئندہ مالی سال 2025/26 کی پی ایس ڈی پی کی تیاریوں کے سلسلے میں تمام محکموں کے انتظامی سیکرٹریز کے اجلاس میں پیش رفت کا جائزہ لے رہے ہیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور انسپکٹر جنرل موٹروے پولیس رفعت مختار راجہ سوینئرز کا تبادلہ کر رہے ہیں

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 | جمعرات 20 فروری 2025ء بمطابق 21 شعبان 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-51


صفاء کوئٹہ منصوبے کیساتھ کھڑے ہیں

# دہشتگرد ہمارے معاشرتی اور ثقافتی اقدار کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں، سرفراز بگٹی

## کسی بھی قسم کی بلیک میلنگ کو قبول نہیں کیا جائے گا اگر کوئی ہڑتال کرنا چاہتا ہے تو وہ پورا سال کرے مگر عوامی مفاد کے خلاف کسی دباؤ کو قبول نہیں کیا جائے گا

## کوئٹہ میں مزید ترقیاتی منصوبے بھی جلد شروع کیے جائیں گے خاص طور پر ائیرپورٹ روڈ کو بین الاقوامی معیار کے مطابق بنایا جائے گا تاکہ شہر کی خوبصورتی میں اضافہ ہو

## ظالموں نے تمام روایات کو پس پشت ڈال کر معصوم مسافروں کو شہید کیا بحیثیت قوم ہمیں اس واقعے کی بھرپور مذمت کرنی چاہیے حکومت سیکورٹی فورسز کے ساتھ مل کر اس تخریب کاری کی عفریت کا مقابلہ کرے گی

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ کوئٹہ ہم سب کا گھر ہے جس کی صفائی ستھرائی کے لئے ہر فرد نے اپنا کردار ادا کرنا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان (بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 2 پر)

نے صفا کوئٹہ پروجیکٹ کو پورے ڈسٹرکٹ کوئٹہ تک وسعت دینے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ شہر کی خوبصورتی اور صفائی ستھرائی کے لئے ہر ممکن تعاون جاری رکھا جائے گا انہوں نے کہا کہ جب کوئی خواب حقیقت میں بدلتا ہے تو یہ خوشی کا باعث ہوتا ہے میں آج انتہائی مسرت محسوس کر رہا ہوں اور اس خوشی کا سب سے زیادہ کریڈٹ ان بچوں کو جاتا ہے جو نیلے یونیفارم میں ملبوس ہو کر مشکل حالات میں کوئٹہ میں صفائی کے فرائض انجام دے رہے ہیں میں ان کی محنت اور لگن کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں ان خیالات کا اظہار انہوں نے "صفا کوئٹہ" پروجیکٹ کے زون 2، 3، 4 تک توسیعی منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، وزیراعلیٰ نے کمشنر کوئٹہ اور "صفا کوئٹہ" کی ٹیم کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے منصوبے مشکلات کا شکار ضرور ہوتے ہیں کیونکہ بعض عناصر نہیں چاہتے کہ ان کی من مانیاں ختم ہوں اور کوئٹہ جیسے شہر میں ترقیاتی تبدیلیاں آئیں انہوں نے کہا کہ صفائی کے اس انقلابی اقدام سے بعض مافیاز پریشان ہو رہے ہیں مگر ہم سب مل کر ان چیلنجز کا مقابلہ کریں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان میرے تمام وزراء اور کوئٹہ کے تمام منتخب نمائندے "صفا کوئٹہ" کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور اس منصوبے کو کامیاب بنانے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کریں گے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان مکمل طور پر "صفا کوئٹہ" کی حمایت جاری رکھے گی اور کسی قسم کی رکاوٹ کو برداشت نہیں کیا جائے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ میں میٹروپولیٹن یونین کے لوگوں کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے کوئٹہ کی صفائی کے لیے اپنی خدمات پیش کیں اور اس مثبت اقدامات میں ساتھ دیا ہم ہر اس اقدام کی حمایت کریں گے جو میرٹ اور قانون کے مطابق ہوگا چاہے وہ اساتذہ کی بھرتی ہو، ڈاکٹروں کی تعیناتی ہو یا سیکرٹریٹ میں اصلاحات کا عمل ہو، وزیراعلیٰ نے خبردار کیا کہ کسی بھی قسم کی بلیک میلنگ کو قبول نہیں کیا جائے گا اگر کوئی ہڑتال کرنا چاہتا ہے تو وہ پورا سال کرے مگر عوامی مفاد کے خلاف کسی دباؤ کو قبول نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے مجھے یہ اختیار دیا ہے کہ میں عام شہری کی خدمت کروں اور اس خدمت میں کوئی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے اعلان کیا کہ "صفا کوئٹہ" پروجیکٹ کو مزید وسعت دی جائے گی اور اس کا دائرہ پورے ضلع کوئٹہ تک پھیلایا جائے گا انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اس منصوبے کا حصہ بنیں اور اپنے گھروں اور بازاروں کو صاف رکھنے میں انتظامیہ کا ساتھ دیں وزیراعلیٰ نے خاص طور پر نوجوانوں اور تاجروں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ ہم سب کا گھر ہے اور اس کی صفائی ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے انہوں نے تاجروں پر زور دیا کہ وہ جناح روڈ اور دیگر بازاروں میں صفائی کو یقینی بنائیں تاکہ کوئٹہ کو پاکستان کے صاف ترین شہروں میں شامل کیا جا سکے انہوں نے کہا کہ "صفا کوئٹہ" ٹیم کی کارکردگی کو مانیٹر کیا جائے گا اور اس حوالے سے تھرڈ پارٹی آڈٹ بھی کیا جائے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ میں روزانہ "صفا کوئٹہ" کی سوشل میڈیا رپورٹس کا جائزہ لیتا ہوں شہر سے متعلق عوام کی رائے کو مد نظر رکھ کر فیصلے کیے جاتے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ کوئٹہ میں مزید ترقیاتی منصوبے بھی جلد شروع کیے جائیں گے خاص طور پر ائیرپورٹ روڈ کو بین الاقوامی معیار کے مطابق بنایا جائے گا تاکہ شہر کی خوبصورتی میں اضافہ ہو وزیراعلیٰ بلوچستان نے "صفا کوئٹہ" کے تمام کارکنان، کوئٹہ کی عوام اور تمام سرکاری اہلکاروں کا شکریہ ادا کیا اور عزم کیا کہ بلوچستان میں مزید ترقیاتی تبدیلیاں لائی جائیں گی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان میں دہشت گردی کے حالیہ واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گرد ہمارے معاشرتی اور ثقافتی اقدار کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں بلوچستان روایتوں کا امین صوبہ ہے بلوچ، پشتون، ہزارہ و دیگر آبادیوں کی ثقافت ہماری پہچان رہی ہے لیکن ان ظالموں نے تمام روایات کو پس پشت ڈال کر معصوم مسافروں کو شہید کیا بحیثیت قوم ہمیں اس واقعے کی بھرپور مذمت کرنی چاہیے حکومت سیکورٹی فورسز کے ساتھ مل کر اس تخریب کاری کی عفریت کا مقابلہ کرے گی اور بلوچستان سے دہشت گردوں کا صفایا کیا جائے گا تقریب کے آغاز میں کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات نے صفا کوئٹہ پروجیکٹ کی کارکردگی پر روشنی ڈالتے ہوئے دیگر شہروں کا موازنہ پیش کیا اور تفصیلی بریفنگ دی تقریب میں صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز، اراکین اسمبلی اور مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی تھی اس سے قبل وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صفا کوئٹہ پروجیکٹ کے فیز 2، 3 اور 4 کا باقاعدہ افتتاح کیا تقریب میں آمد پر بچوں نے پھولوں کا گلدستہ پیش کر کے وزیراعلیٰ بلوچستان کا استقبال کیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 16


Daily AZADI Quetta
روزنامہ آزادی کوئٹہ

بروز جمعرات 20 فروری 2025ء


## ترقیاتی بجٹ کے استعمال میں شفافیت اور موثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے، وزیراعلیٰ بلوچستان

## ترقیاتی اسکیموں کے انتخاب میں میرٹ اور عوامی مفاد کو اولین ترجیح دی جائے

کوئٹہ (ع ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئندہ مالی سال 2025/26 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام (پی ایس ڈی پی) کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کی جس میں مختلف محکموں کے انتظامی سیکریٹریز نے شرکت کی اجلاس کے دوران (بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 2 پر) ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، بجٹ کی تقسیم، اور ترجیحی شعبوں پر تفصیلی غور کیا گیا وزیراعلیٰ نے تمام محکموں کو ہدایت کی کہ ترقیاتی اسکیموں کو عوامی ضروریات اور بلوچستان کی پسماندگی کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا جائے انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ جاری منصوبوں کو مقررہ وقت میں مکمل کرنے کے لیے موثر حکمت عملی اختیار کی جائے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل ہو سکیں میر سرفراز بگٹی نے تمام انتظامی سیکریٹریز کو ہدایت کی کہ وہ ترقیاتی بجٹ کے استعمال میں شفافیت اور موثر نگرانی کو یقینی بنائیں انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ترقیاتی اسکیموں کے انتخاب میں میرٹ اور عوامی مفاد کو اولین ترجیح دی جائے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان حکومت تمام اضلاع میں یکساں ترقیاتی مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے اور اس سلسلے میں ہر شعبے میں جامع حکمت عملی اپنائی جا رہی ہے انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ پی ایس ڈی پی کے تحت نئے منصوبوں کی منصوبہ بندی میں جدید تکنیکی طریقے اپنائیں تاکہ ترقیاتی عمل کو مزید موثر اور نتیجہ خیز بنایا جا سکے اجلاس کے دوران مختلف محکموں کے سیکریٹریز نے وزیراعلیٰ کو اپنے اپنے محکموں میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی اور درپیش چیلنجز سے آگاہ کیا وزیراعلیٰ نے حائل مشکلات کے حل کے لیے فوری اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی اور محکموں کو تاکید کی کہ وہ باہمی تعاون کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی آئندہ مالی سال 26-2025 کی پی ایس ڈی پی کی تیاریوں کے سلسلے میں محکموں کے انتظامی سیکریٹریز کے اجلاس میں پیش رفت کا جائزہ لے رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی "صاف کوئٹہ" پروجیکٹ کے زون 2،3،4 توسیعی منصوبے کی افتتاح سے خطاب کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 17

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال — چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | جمعرات 20 فروری 2025ء 21 شعبان المعظم 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 51

# ترقیاتی سکیموں میں میرٹ اور عوامی مفاد کو اولین ترجیح دی جائے

## وزیر اعلیٰ بلوچستان

میر سرفراز بگٹی نے آئندہ مالی سال 2025/26 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام (پی ایس ڈی پی) کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کی

**سو فیصد پارٹی کی سپورٹ حاصل ہے، بحیثیت وزیر اعلیٰ مجھے اپنی پوزیشن ٹھیک لگ رہی ہے، دہشتگردی کیلئے پڑھی لکھی بچیوں کو خودکش جیکٹ پہنا رہے ہیں، صوبے میں امریکہ کی افغانستان میں چھوڑے گئے اسلحہ کا استعمال کیا جارہا ہے**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئندہ مالی سال 2025/26 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام (پی ایس ڈی پی) کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کی جس میں مختلف محکموں کے انتظامی سیکرٹریز نے شرکت کی اجلاس کے دوران ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، بجٹ کی تقسیم، اور ترجیحی شعبوں پر تفصیلی غور کیا گیا وزیر اعلیٰ نے تمام محکموں کو ہدایت کی کہ ترقیاتی اسکیموں کو عوامی ضروریات اور بلوچستان کی پسماندگی کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا جائے انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ جاری منصوبوں کو مقررہ وقت میں مکمل کرنے کے لیے مؤثر حکمت عملی اختیار کی جائے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل ہو سکیں میر سرفراز بگٹی نے تمام انتظامی سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ وہ ترقیاتی بجٹ کے استعمال میں شفافیت اور موثر نگرانی کو یقینی بنائیں انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ترقیاتی اسکیموں کے انتخاب میں میرٹ اور عوامی مفاد کو اولین ترجیح دی جائے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان حکومت تمام اضلاع میں یکساں ترقیاتی مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے اور اس سلسلے میں ہر شعبے میں جامع حکمت عملی اپنائی جا رہی ہے انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ پی ایس ڈی پی کے تحت نئے منصوبوں کی منصوبہ بندی میں جدید تکنیکی طریقے اپنائیں تاکہ ترقیاتی عمل کو مزید مؤثر اور نتیجہ خیز بنایا جا سکیا جلاس کے دوران مختلف محکموں کے سیکرٹریز نے وزیر اعلیٰ کو اپنے اپنے محکموں میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی اور درپیش چیلنجز سے آگاہ کیا وزیر اعلیٰ نے حائل مشکلات کے حل کے لیے فوری اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی اور محکموں کو تاکید کی کہ وہ باہمی تعاون کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔۔۔دریں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو محکمہ صحت بلوچستان اور پنجاب کے ماہرین طب نے صوبے میں محکمہ جاتی اصلاحات اور حکومتی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی اس موقع پر ایپیکس گروپ اسلام آباد کے ماہرین نے بلوچستان میں طبی سہولیات کے فروغ کے حوالے سے اپنی تجاویز بھی پیش کیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحت کے نظام میں بہتری کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر ایک جامع حکمت عملی اختیار کی جائے گی صوبائی حکومت صحت کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے پرعزم ہے تاکہ عوام کو معیاری طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں وزیر اعلیٰ نے ہدایت دی کہ صوبے میں صحت کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم بنانے کے لیے جاری منصوبوں پر عمل درآمد کی رفتار کو تیز کیا جائے۔



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی "صفاء کوئٹہ" پروجیکٹ کے زون 2.3.4 توسیعی منصوبے کا افتتاح کر رہے ہیں

CamScanner

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 12

Daily Qudrat Quetta

قدرت کوئٹہ

صفحات 8 قیمت 15 روپے
چیف ایڈیٹر نعمت اللہ

جلد 20 | جمعرات 20 فروری 2025ء، 21 شعبان المعظم 1446ھ | شمارہ 314

# میں کسی کی بلیک میلنگ میں آنے والا نہیں، سرفراز بگٹی

## بلوچستان کے عوام نے مجھے بااختیار دیا ہے میں عام شہری کی خدمت کروں صفا کوئٹہ مہم کامیابی سے جاری ہے، تقریب سے خطاب

## مالی سال 26-2025 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام پی ایس ڈی پی کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئندہ مالی سال 2025/26 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام (پی ایس ڈی پی) کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کی جس میں مختلف محکموں کے انتظامی سیکرٹریز نے شرکت کی اجلاس کے دوران ترقیاتی بقیہ 10 صفحہ 6 پر

منصوبوں کی پیش رفت، بجٹ کی تقسیم، اور ترجیحی شعبوں پر تفصیلی غور کیا گیا وزیر اعلیٰ نے تمام محکموں کو ہدایت کی کہ ترقیاتی اسکیموں کو عوامی ضروریات اور بلوچستان کی پسماندگی کو مد نظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا جائے انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ جاری منصوبوں کو مقررہ وقت میں مکمل کرنے کے لیے موثر حکمت عملی اختیار کی جائے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل ہو سکیں میر سرفراز بگٹی نے تمام انتظامی سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ وہ ترقیاتی بجٹ کے استعمال میں شفافیت اور موثر نگرانی کو یقینی بنائیں انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ترقیاتی اسکیموں کے انتخاب میں میرٹ اور عوامی مفاد کو اولین ترجیح دی جائے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان حکومت تمام اضلاع میں یکساں ترقیاتی مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

## غلام قادر بگٹی سب کیمپس آف میر چاکر خان رند یونیورسٹی ایٹ سوئی کے قیام کی منظوری

## اس فیصلے کے تحت میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی کا نیا سب کیمپس سوئی میں قائم ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں بقیہ 26 صفحہ 6 پر

صوبائی حکومت کی تعلیمی ترقی کے وژن کی روشنی میں بلوچستان کابینہ کی منظوری کے بعد گورنر بلوچستان و چانسلر پبلک سیکٹر یونیورسٹیز کی جانب سے میر غلام قادر بگٹی سب کیمپس آف میر چاکر خان رند یونیورسٹی ایٹ سوئی کے قیام کا باضابطہ نوٹیفیکیشن جاری کر دیا گیا ہے یہ سب کیمپس بلوچستان یونیورسٹیز ایکٹ 2022 کے تحت قائم کردہ وائس چانسلرز کمیٹی کی سفارشات اور حکومت بلوچستان) صوبائی کابینہ (کی منظوری کے بعد قائم کیا گیا ہے جو فوری طور پر نافذ العمل ہوگا اس فیصلے کے تحت میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی کا نیا سب کیمپس سوئی میں قائم ہوگا جس سے علاقے کے طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع میسر آئیں گے۔

## گورنر بلوچستان نے میر غلام قادر بگٹی سب کیمپس سوئی، ڈیرہ بگٹی کی منظوری دے دی ہے، سرفراز بگٹی

## ہنگلاج ماتا مندر جانے والے ہندو یاتریوں کے لیے انتہائی احتیاط اور سہولت کو یقینی بنائیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے سماجی رابطے بقیہ 33 صفحہ 6 پر

کی ویب سائٹ (ایکس) پر نوٹیفکیشن جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ الحمدللہ اپنے انتخابی حلقہ ڈیرہ بگٹی کے عوام سے کیا گیا ایک اور وعدہ وفا ہونے جا رہا ہے۔ صوبائی کابینہ کے بعد گورنر بلوچستان نے بھی میر غلام قادر بگٹی سب کیمپس سوئی، ڈیرہ بگٹی کی منظوری دے دی ہے۔ یہ منصوبہ علاقے میں تعلیمی ترقی کا سنگ میل ثابت ہوگا انہوں نے کہا ہے کہ میں نے ذاتی طور پر تمام سرکاری محکموں کو ہدایت کی ہے کہ وہ ہنگلاج ماتا مندر جانے والے ہندو یاتریوں کے لیے انتہائی احتیاط اور سہولت کو یقینی بنائیں۔ انہیں محفوظ، آرام دہ اور یادگار تجربہ فراہم کرنے کے لیے ہر ضروری اقدام اٹھایا جائے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 20 FEB 2025 Page No. 19




کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی مشاہ کوئٹہ کے زون 2.3.4 کو سی منصوبے کا افتتاح کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے آئی جی پولیس معظم جاہ انصاری ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی آئندہ مالی سال کی پی ایس ڈی پی کی تیاریوں کے
سلسلے میں تمام محکموں کے انتظامی سیکریٹریز کے اجلاس میں پیش رفت کا جائزہ لے رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


روزنامہ بلوچستان نیوز 8 20فروری 2025ء

Bullet No. 1

Page No. 21



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صاف کوئٹہ پروجیکٹ کے زون 4،3،2 توسیعی منصوبے کا افتتاح کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پی ایس ڈی پی کی تیاریوں کے سلسلے میں جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Bullet No. 1
Daily FOUNDED BY SIDDIQ BALUCH
Balochistan Express
22

# CM inaugurates expansion of Safa Quetta project, pledges govt's support

QUETTA: Balochistan Chief Minister, Mir Sarfraz Bugti, has pledged the provincial government's full support for the "Safa Quetta" project while announcing its expansion across the entire Quetta district.

The Balochistan Chief Minister inaugurated the expansion of the "Safa Quetta" project to improve sanitation and ensure collection of solid waste across the provincial capital city.

Addressing the inauguration ceremony of the launching of phase 2, 3, 4 of Safa Quetta project, he emphasized the collective responsibility of every citizen in maintaining the cleanliness and beauty of Quetta, referring to the city as "our shared home."

The Chief Minister expressed his satisfaction that the project moved forward, especially acknowledging the efforts of Safa Quetta teams wearing blue uniforms who are working under difficult conditions to maintain cleanliness sanitation in Quetta. He lauded their hard work and dedication, attributing much of the success of the initiative to their commitment.

Mir Sarfraz Bugti praised the efforts of the Commissioner Quetta and the "Safa Quetta" management, highlighting the challenges the project faces, especially from those who resist it.

He assured that the Balochistan government will continue to fully support the initiative. He made it clear that no obstacles to the project would be tolerated, stressing that "Safa Quetta" would have full backing from the provincial government.

Sarfraz also expressed gratitude to the Metropolitan Union for contributing to the city's cleanliness.

However, the Chief Minister warned against any form of blackmail and reiterated that no pressure that harms public interest would be accepted.

Mir Sarfraz Bugti further announced that the "Safa Quetta" project would be expanded, with plans to extend it throughout Quetta district. He appealed to citizens to actively participate in keeping their neighborhoods and markets clean, emphasizing that Quetta's cleanliness is a shared responsibility. He specifically urged traders to ensure cleanliness in markets like Jinnah Road, with the goal of making Quetta one of Pakistan's cleanest cities.

The Chief Minister highlighted that the performance of the "Safa Quetta" team would be closely monitored, with third-party audits to be conducted.

In addition to the cleanliness drive, the Chief Minister revealed that further development projects would soon be launched in Quetta, with particular focus on upgrading the Airport Road to international standards to enhance the city's beauty.

The Chief Minister condemned the recent terrorist attack in Balochistan, expressing concern over efforts to harm the province's social and cultural values. He stated that Balochistan, with its diverse cultural heritage, had always remained a beacon of tradition, and the recent attack that targeted innocent travelers was an attempt to destroy that legacy. He called on the nation to strongly condemn the attack and assured that the government, in collaboration with security forces, would continue to fight terrorism and eliminate terrorist elements from the region.

Commissioner Quetta briefed the CM on the project's performance.

The event was attended by provincial ministers, parliamentary secretaries, members of the provincial assembly, and community leaders.-APP

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 1

Dated: 20 FEB 2025 Page No. 2-3



Chief Minister Balochistan Mir Sarfraz Bugti inaugurated the extension project of "Safa Quetta" Zones 2, 3, and 4.

# موسمی تبدیلیوں سے محفوظ رہنے کیلئے شجرکاری کی افادیت سے انکار ممکن نہیں، کمشنر قلات

جنگلات ماحولیاتی آلودگی کو کم کرنے کیلئے اہم زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں اور انکی آبیاری پر خصوصی توجہ دی جائے، نعیم خان بازئی

[illegible]

خضدار (خ ن) خضدار کمشنر قلات ڈویژن محمد نعیم خان بازئی اور ناظم جنگلات قلات ڈویژن سید فرید شاہ نے شجرکاری مہم کا افتتاح کردیا۔ محکمہ جنگلات کی جانب سے شجرکاری مہم کا آغاز۔ کمشنر کمپلیکس میں کمشنر قلات ڈویژن محمد نعیم خان بازئی نے پودا لگا کر شجرکاری مہم کا افتتاح کردیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل کمشنر اعجاز احمد جعفر ایسین بی اینڈ ار لیاقت بلوچ ایس ڈی او نیاز احمد زہری و دیگر موجود تھے۔ کمشنر.......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

قلات ڈویژن محمد نعیم خان بازئی نے کہا کہ درخت لگانے کی افادیت تسلیم شدہ حقیقت ہے ماحولیاتی آلودگی کے سدباب کے لئے زیادہ سے زیادہ درخت لگانا انتہائی ضروری ہے شہری اس مہم میں حصہ لیکر کار خیر کا حصہ بنیں۔ درخت لگانا عین عبادت ہے۔ ناظم جنگلات قلات ڈویژن سید فرید شاہ کی جانب سے اس مہم کا آغاز خوش آئند ہے۔ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ زراعت بھی اس مہم کو آگے لیجاکر پورے ڈویژن میں درخت لگائے جائیں۔ انہوں نےکہا کہ موسمیات تبدیلی کے بعد درخت لگانے کی اہمیت کافی حد تک بڑھ چکی ہے۔

# نوجوانوں کوملکی ترقی میں کردار ادا کرنا ہوگا، میجر جنرل عابد مظہر

آئی جی ایف سی سے طلباء کے وفد کی ملاقات، فلاحی منصوبوں پر گفتگو

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کی مختلف یو نیورسٹیوں کے طلبا نے ہیڈکوارٹرز ایف سی بلوچستان (نارتھ) کا دورہ کیا جہاں طلبہ نے آئی جی ایف سی میجر.......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

جنرل عابد مظہر سے ملاقات کی بلوچستان کی مختلف یو نیورسٹیوں کے طلبا نے ہیڈکوارٹرز ایف سی آمد پر طلبہ نے یادگار شہدا پر حاضری دی اور خراجِ عقیدت پیش کیا تعلیمی وفد کوایف سی کی بارڈر مینجمنٹ، انسداد دہشت گردی، انسداد اسمگلنگ، منشیات کے خلاف کارروائیوں اور بلوچستان میں جاری فلاحی منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔



# اجتماع کے موقع پر انتظامات مکمل اور سیکورٹی سخت ہے، کمشنر سبی ڈویژن

علماء کرام وعوام کی جان ومال کی حفاظت یقینی بنانے کے لئے فول پروف انتظامات یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ صفائی اور صحت کی سہولیات فراہم کی جائے گی، ڈاکٹر سید زاہد شاہ

سبی (آئی این پی) کمشنر سبی ڈویژن ڈاکٹر سید زاہد شاہ نے کہا ہے کہ تبلیغی اجتماع میں شرکت کرنے کے لئے دور دراز سے آنے والے علماء کرام وعوام کی جان ومال کی حفاظت یقینی بنانے کے لئے فول پروف انتظامات یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ صفائی اور صحت کی سہولیات فراہم کی جائے گی پانی بجلی سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی بھی ممکن بنائیں گے جبکہ اجتماع میں شرکت کرنے والوں کی صحت کی حفاظت ممکن بنانے کے لئے محکمہ صحت کی جانب سے تین روز فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد یقینی بنا کر آنے والے سینکڑوں افراد کو مفت علاج معالجے کی سہولت بھی فراہم کرنے میں اول دستے کا کردار ادا کرے گی میڈیکل کیمپ کے موقع پر چار ایمبولینسز ڈاکٹرز پیرامیڈیکل اسٹاف ادویات کی موجودگی کے لئے احکامات جاری کردیئے ہیں، سبی کے شہریوں کے مسئلہ مسائل کو حل کرنے کی ذمے داریاں احسن انداز سے سرانجام دے رہا ہوں پینے کے صاف پانی کی قلت کا نوٹس لے کر عوام کا دیرینہ مسئلہ حل کیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سبی پریس کلب کے صدر حاجی سعید الدین طارق، سینئر صحافی سید طاہر علی بھی موجود تھے کمشنر سبی ڈویژن ڈاکٹر سید زاہد شاہ نے کہا کہ سبی ایک پرامن شہر ہے اس شہر میں باشعور پرامن شہری آباد ہے سالانہ تین روزہ تبلیغی اجتماع میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے خصوصی اقدامات کئے گئے ہیں تاکہ اجتماع میں شرکت کرنے والوں کی سیکورٹی بہتر انداز سے کی جاسکے اس حوالے سے چیف سیکرٹری بلوچستان کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے لوگوں کی جان ومال کی حفاظت کے ساتھ ساتھ سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کئے ہیں اور خصوصی پلان بھی تشکیل دیا گیا ہے

# ڈپٹی کمشنر منصور قاضی کے زیر صدارت رمضان بچت بازار کے حوالے سے اجلاس

پرائس کنٹرول مجسٹریٹ کی تعیناتی ہوگی بچت بازاروں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کا تعین پینافلیکس آویزاں کرنیکا فیصلہ

حب (نمائندہ انتخاب) ڈپٹی کمشنر منصور قاضی کے زیرصدارت رمضان بچت بازار کے حوالے سے اجلاس کا انعقاد کیا گیا اجلاس میں تحصیلدار سونمیانی سعید شاہوانی ڈی ایس پی غلام رسول چیف افسر نصیب اللہ ترین سول سوسائٹی نمائندگان حضرت مولانا یعقوب ساسولی امان اللہ لاسی ڈاکٹر حبیب اللہ شیخ انجمن تاجران حب فوڈ ڈیپارٹمنٹ افسران آٹا فلور ملز مالکان شوگر سپلائی ڈیلرز و دیگر شریک ہوئے اجلاس بقیہ نمبر 34 صفحہ 5 پر

میں مشاورت سے فیصلہ کیا گیا کہ رمضان بچت بازاروں میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹ کی تعیناتی ہوگی بچت بازاروں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کا تعین پینافلیکس آویزاں کرنیکا فیصلہ بھی کیا گیا سرکاری ذرائع ابلاغ کے جاری پریس نوٹ کے مطابق ڈپٹی کمشنر حب منصور قاضی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ رمضان ایکٹ پر عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے بچت بازاروں کی سیکورٹی پلان تیار اور رعایتی نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی دستیابی یقینی بنایا جایگا ڈپٹی کمشنر حب منصور قاضی نے کہا کہ آٹا چینی کی بلیک مارکیٹنگ برداشت نہیں کی جائیگی سول سوسائٹی نمائندگان کو ڈی سی حب نے یقین دہانی کراتے ہوئے کہا فروٹ پھلوں کی قیمتوں کا روزانہ کی بنیاد پر تعین اور خلاف ورزی پر ایکشن بھی ہوگا انہوں نے کہا کہ رمضان بچت بازاروں کی مانیٹرنگ مارکیٹ میں شہریوں کی آگاہی کیلئے چارٹ فینافلیکس آویزاں کئے جائیں گے ڈی سی حب نے اجلاس کے شرکا کو بتایا کہ ضلعی انتظامیہ کی کوششوں سے پانی بحران مسئلے کےحل کی جانب اہم پیشرفت ہوئی ہے پانی چوری کی روک تھام اور غیر قانونی ہائیڈرینٹس کیخلاف کریک ڈاؤن کا آغاز کردیا ہے اریگیشن ڈیپارٹمنٹ کو حکم جاری کردیا ہے کہ وہ فوری طور پر اریگیشن کینال پانی چوری میں ملوث عناصر کی نشاندہی اور انکے خلاف مقدمات درج کریں اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کریگی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 20 FEB 2025 Page No. 29

# گوادر زمینوں کے مسائل حل کرنے کیلئے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کا فیصلہ

ڈی جی نیب بلوچستان کی زیر صدارت زمینوں کی اوورلیپنگ اور گیپ کے حوالے سے اہم اجلاس، ڈی سی حمودالرحمن نے زمینوں کی درستگی کے حوالے سے شرکا کو بریفنگ دی

**زمینوں کی اوورلیپنگ، گیپ اور ٹیمپرنگ جیسے چیلنجز درپیش ہیں جن کی درستگی کا عمل جاری ہے، ڈپٹی کمشنر، معاملے کو جلد منطقی انجام تک پہنچایا جائے، ڈی جی نیب کی ہدایت**

گوادر (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان نعمان اسلم کی زیر صدارت زمینوں کی اوورلیپنگ اور گیپ کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمن، ڈائریکٹر نیب نیاز حسن، ڈائریکٹر ہارون رشید، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) بوہیر دشتی سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر حمودالرحمن نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ زمینوں کی درستگی کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر جی پی ایس سسٹم کے ذریعے سروے کا عمل جاری ہے۔ اب تک زیارت مچھی، ڈور گھٹی، اور سربندن میں زمینوں کی پیمائش اور تصحیح کا عمل مکمل ہو چکا ہے، بقیہ نمبر 2 صفحہ 5 پر

جبکہ انکاڑہ شمالی اور جنوبی میں اوورلیپنگ کا کام بعض وجوہات کی بنا پر تعطل کا شکار ہے۔ ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان نے اجلاس میں زمینوں کی اوورلیپنگ اور گیپ کے بنیادی اسباب پر استفسار کیا، جس پر ڈپٹی کمشنر گوادر نے وضاحت کی کہ ماضی میں جی پی ایس سسٹم کے بغیر زمینوں کی پیمائش کی جاتی تھی، اور شہر کے ترقیاتی منصوبے شروع ہونے کے بعد یہ مسائل نمایاں ہوئے۔ زمینوں کے اوورلیپنگ، گیپ، اور ٹیمپرنگ جیسے چیلنجز درپیش ہیں، جن کی درستگی کا عمل جاری ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ زمینوں کے مسائل کے حل کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جائے گا تاکہ آئندہ کسی بھی قسم کی غلطیوں سے بچا جا سکے۔ ڈائریکٹر جنرل نیب نے ہدایت کی کہ اس معاملے کو جلد از جلد منطقی انجام تک پہنچایا جائے تاکہ زمینوں سے متعلق تنازعات کا خاتمہ ہو اور ترقیاتی منصوبے بلا تعطل جاری رہ سکیں۔

## سوراب، صوبائی حکومت کی ہدایت پر مہران آباد میں کھلی کچہری

### شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں گے، اسسٹنٹ کمشنر کا خطاب

سوراب (آن لائن) حکومت بلوچستان کے خصوصی احکامات کے تحت اور ڈسٹرکٹ کمشنر سوراب ذوالفقار علی کرار کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر مہر آباد اسد اللہ سالانی اور اسسٹنٹ کمشنر سوراب شئے اکبر بلوچ کی سربراہی میں لاکھوریان مہر آباد میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ اس کھلی کچہری میں قبائلی رہنماں کے ساتھ علاقے کے عوام نے بھرپور شرکت کی اور اپنے مسائل کے حل کے لیے حکام سے درخواستیں پیش کیں، عوام نے متعدد مسائل کا ذکر کیا، جن میں بنیادی سہولتوں کی کمی جیسے پانی، بجلی، صحت کی سہولتوں کی عدم فراہمی شامل تھے۔ عوام نے بقیہ 6 صفحہ 5 پر

شکایات کی کہ یہ مسائل ان کی روزمرہ زندگی میں مشکلات پیدا کر رہے ہیں، خاص طور پر غربت کے شکار افراد کو ان سہولتوں کی اشد ضرورت ہے، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر مہر آباد اسد اللہ سالانی نے عوام کے مسائل کو دھیان سے سنا اور انہیں یقین دہانی کرائی کہ ان کے مسائل کا حل جلد سے جلد نکالا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کی فلاح و بہبود کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے اور تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت دی گئی ہے کہ عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام کو اپنے مسائل براہ راست حکام تک پہنچانے کا موقع فراہم کرنا تھا، جس سے عوامی مشکلات کے حل کی طرف ایک مثبت قدم اٹھایا گیا ہے، دوسری جانب کھلی کچہری میں ضلعی آفیسران بھی موجود تھے جن میں محکمہ بی اینڈ آر، پی ایچ ای، لائیو اسٹاک، نادرا کے ہیڈز شامل تھے، جنہوں نے عوام کے مسائل کو حل کرنے کے لیے اپنے محکموں کی طرف سے فوری اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 20 FEB 2025 Page No. 32


## بلوچستان میں جنازے اٹھ رہے ہیں آخر اس کا ذمہ دار کون ہے، مولانا قادر لونی

بلوچستان میں برادر اقوام کے درمیان لسانیت کی بنیاد پر نفرت وتعصب کے بیج بوئے جا رہے ہیں، مولانا اجمل قادر

اسلام نے انسانیت کو وہ احترام دیا ہے جو کسی مذہب میں نہیں، پوری مخلوق اللہ کا کنبہ ہے، مفتی احمد علی ثانی، مولانا ستار چشتی

کوئٹہ (پ ر) مرکزی جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی سرپرست اعلی مولانا میاں محمد اجمل قادری مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی احمد علی ثانی صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمن نکیال صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناء اللہ صوبائی امیر سندھ مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی مرکزی نائب امیر مولانا سید چراغ الدین شاہ مولانا ڈاکٹر شمس الھدی ڈپٹی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع.........

بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

الدین مرکزی سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مولانا سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ ودیگر نے بارکھان میں 7 مسافروں کی قتل کی شدید الفاظ سے مذمت اور غمزدہ خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی بے حسی اور بےبسی نے بلوچستان کو مقتل گاہ بنا دیا ہے آئے روز بلوچستان میں جنازے اٹھا رہے ہیں آخر اس کا زمہ دار کون ہے ارباب اقتدار کے مذمتی بیان یا اسے محض کسی تنظیم کی کارستانی قرار دینا دہشتگردی کی مسئلے کا حل نہیں ہے بلوچستان میں برادر اقوام کے درمیان لسانیت کی بنیاد پر نفرت وتعصب کی بیج بوئی جارہی ہے سوچی سمجھی منصوبے کی تحت قومیت اور لسانیت کی بنیاد پر بردار اقوام کو دست وگریبان کر رہے ہیں

## بلوچ قوم کے حقوق کی حفاظت کرتے رہیں گے، اختر مینگل

سیاسی، معاشی اور انسانی حقوق کی جدوجہد میں پیچھے نہیں ہٹیں گے، پارٹی سربراہ

سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن غفور بلوچ کی ملاقات، مختلف امور پر بات چیت

خضدار (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن اور ضلع کیچ کے آرگنائزر ڈاکٹر عبدالغفور بلوچ نے پارٹی کے سربراہ سردار.........

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

اختر جان مینگل سے کراچی میں ملاقات کی۔ اس ملاقات میں بلوچستان کی موجودہ سیاسی، سماجی اور معاشی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، جہاں صوبے کو درپیش مسائل اوران کے ممکنہ حل پر غور کیا گیا۔ ڈاکٹر عبدالغفور بلوچ نے سردار اختر جان مینگل کو ضلع کیچ سمیت بلوچستان کے دیگر علاقوں میں عوام کو درپیش مشکلات، بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی، جبری گمشدگیوں، بے روزگاری اور دیگر سیاسی وسماجی چیلنجز سے آگاہ کیا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 20 FEB 2025 Page No. 33

## قلعہ عبداللہ میں 11 سالہ مغوی لڑکی بازیاب، ملزم گرفتار

قلعہ عبداللہ (آئی این پی) ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ محمد ریاض خان کی خصوصی ہدایت لیویز فورس دوبندی کی کامیاب کارروائی 11 سالہ لڑکی بازیاب کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ اسسٹنٹ شہک حیات بلوچ تفتیشی آفیسر دوبندی نصراللہ وفوکل پرسن لیویز فورس دوبندی عطااللہ اچکزئی لیویز عملہ عصمت اللہ عجب خان نجیب الدین محمد ایوب ودیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 17 فروری کو توبہ مندن میں ایک 11 سالہ لڑکی کو اغوا کیا

بقیہ نمبر 3 صفحہ 5 پر

گیا تھا ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ محمد ریاض خان کی خصوصی ہدایت پر لیویز فورس دوبندی نے فوری کارروائی کرتے ہوئے توبہ فراخی میں ایک وطاق پر چھاپے کے دوران ملزم گرفتار کر کے ان کے قبضے سے ایک عدد ٹی ٹی پسٹل ایمونیشن پکڑا اور مغویہ 11 سالہ لڑکی کو بازیاب کر کے عدالت میں پیش کر دیا ملزم کے خلاف لیویز تھانہ دوبندی مقدمہ درج ہیں ان کے خلاف کارروائی جاری ہیں۔

## آپسر کولواہی بازار کا رہائشی نامعلوم افراد کی فائرنگ سے زخمی

تربت (بیورو رپورٹ) آپسر کولواہی بازار کے رہائشی نجیب ولد عبدالمجید نامعلوم افراد کی فائرنگ سے زخمی۔ پولیس ذرائع کے مطابق نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو زخمی کر دیا ہے جس کی شناخت نجیب ولد عبدالمجید ساکن آپسر کولواہی بازار کے نام سے کی گئی ہے انہیں دو گولیاں لگی ہیں جنہیں فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5 — Dated: 20 FEB 2025 — Page No. 34

# گڈز ٹرانسپورٹ کا آج سے ہر قسم کی لوڈنگ بند کرنے کا اعلان

**چاروں صوبوں کے تمام بارڈرز والے شہروں میں ہماری ہیوی ٹرانسپورٹ کی لمبی لمبی قطاریں ٹرانسپورٹرز کی باہمی رضامندی سے کھڑی ہیں ہمارا احتجاج پرامن طور پر کامیاب ہے**

**ہمارے تمام ٹرانسپورٹرز کے حوصلے بلند ہیں اور رضا کارانہ طور پر ہمارے ساتھ متفق ہیں اور شانہ بشانہ احتجاج میں حصہ لے رہے ہیں۔ ترجمان بلوچستان گڈز**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے ترجمان کے مطابق آج 19 فروری 2025 کو ہمارے احتجاج کا دوسرا دن ہے اور الحمدللہ کامیابی کے ساتھ ہمارا یہ احتجاج جاری ہے بلوچستان کے سندھ پنجاب اور خیبر پختونخوا کے تمام بارڈر والے شہروں میں ہماری ہیوی ٹرانسپورٹ کی لمبی لمبی قطاریں ٹرانسپورٹرز کی باہمی رضامندی سے کھڑی ہے بلوچستان سے نہ کوئی ترسیل ہو رہی ہے اور نہ وہاں سے کوئی چیز آرہی ہے ہمارا احتجاج پرامن طور پر کامیاب ہے اور یہ احتجاج جاری رہے گا کل سے یعنی 20 فروری 2025 کو سبزی فروٹ سمیت ہر قسم کی لوڈنگ بند ہوگی جب تک حکومت ہمارے جائز مطالبات

بقیہ نمبر 6 صفحہ 5 پر

جس میں سرفہرست ایکسل لوڈ ہے اس کے علاوہ موٹروے کے بڑے بڑے چالان ڈرائیوروں پر ایف ائی ار اور بلوچستان میں جگہ جگہ چیک پوسٹوں پر بلاوجہ ڈرائیوروں کو تنگ کرنے اور ان سے پیسے طلب کرنے کے خلاف حکومت ایکشن نہیں لیتی تب تک یہ احتجاج جاری رہے گا لہٰذا ہمارے ٹرانسپورٹروں کے حوصلے بلند ہیں اور رضا کارانہ طور پر تمام ٹرانسپورٹرز ہمارے ساتھ متفق ہیں اور شانہ بشانہ احتجاج میں حصہ لے رہے ہیں ہمارا حکومت سے پرزور اپیل ہے اس جائز مسائل کو 24 گھنٹے کے اندر اندر حل کرنے کی یقین دہانی کرادیں بصورت دیگر احتجاج کا دائرہ پورے ملک میں پھیل سکتا ہے۔

# پنجگور ایران سرحدی مارکیٹ ایک سال سے غیر فعال

**چیدگی بارڈر ایک انتہائی پسماندہ علاقہ جو زندگی کے تمام تر سہولیات سے محروم ہے، علاقہ نمائندین**

پنجگور (آن لائن) پنجگور ایران کے سرحدی مارکیٹ چیدگی کو ایک سال سے زائد کا عرصہ مکمل ہو چکا ہے تاحال مارکیٹ غیر فعال ہے 18 جنوری 2024 کو 54 دکانیں ڈپٹی کمشنر پنجگور نے اسسٹنٹ کمشنر پنجگور کے ساتھ دیگر معتبرین و سیاسی سماجی کاروباری شخصیت کی موجودگی میں ڈی سی کے دفتر میں قرعہ اندازی کرا کر بنام دیئے گزشتہ ڈپٹی کمشنر پنجگور نے اس عزم کو دہرایا کہ اس مارکیٹ کو جلد از جلد فنکشنل کر کے عوام کی آسودگی کیلئے کھولا جائے گا یہ مارکیٹ نہ صرف یہاں کے بشمول بلوچستان کے لوگوں کیلئے مہنگائی میں کنٹرول کا سبب بنے گا بلکہ ملک کے ریونیو میں ٹیکس کی مد میں کروڑوں روپے جمع ہو کر سودمند ثابت ہوگی اس حوالے علاقے کے معتبرین سیاسی سماجی کاروباری شخصیت کا کہنا ہے کہ پنجگور چیدگی بارڈر ایک انتہائی پسماندہ علاقہ ہے جہاں زندگی کے تمام تر سہولیات سے محروم ہے لیکن جب حکومت وقت نے مارکیٹنگ کا پالیسی بنا کر یہاں لوگوں کو دکانیں کھولنے ایران کے ساتھ اشیا خورد و نوش کاروبار کا موقع دے کر غریب عوام کو زندگی کی ایک نئی امید بخشی انہوں نے کہا ہے کہ ہم متواتر مارکیٹ کو کھولنے ان کی بحالی کے حوالے سے موجودہ ڈپٹی کمشنر پنجگور سے ملاقات کی ملاقات میں تمام تر مسئلے درپیش مسائل سے آگاہ کرتے آرہے ہیں لیکن عملی صورت میں کوئی پیش رفت نظر نہیں آتا حالانکہ مارکیٹ کے تمام تر تیاریاں مکمل ہونے کے باوجود بھی مسلہ رکا ہوا لہذا ہم ڈپٹی کمشنر پنجگور و دیگر متعلقہ ذمہ داران سے مطالبہ کرتے ہیں کہ چیدگی بارڈر مارکیٹ کو جلد از جلد فنکشنل کر کے عوام کو اس سہولیات سے آراستہ کرائیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 20 FEB 2025 Page No. 35


## بلوچستان، ملکی معاشی ترقی کی کنجی، خوشحالی کے ثمرات عوام تک پہنچانا حکومت کی ذمہ داری!

بلوچستان ایشیاء کا گیٹ وے ہے جہاں سے متعدد ممالک کے ساتھ تجارت کی جاسکتی ہے۔سی پیک کی وجہ سے بلوچستان کی اہمیت بہت بڑھ گئی ہے۔ بلوچستان میں کاروبار اور سرمایہ کاری کے وسیع تر مواقع موجود ہیں بلوچستان میں بہت سے وسائل ہیں جن کو استعمال کرنے کیلئے سرمایہ کی ضرورت ہے۔ بلوچستان میں بیرونی سرمایہ کاری دوست ممالک کی جانب سے مختلف شعبوں میں کی جارہی ہے جو مستقبل میں معاشی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔ دنیا میں بڑی تبدیلیاں رونماء ہورہی ہیں خاص کر موجودہ حالات میں اب دنیا میں نیوکلیئر جنگ نہیں بلکہ معاشی جنگ کا دور ہے اور وہی ممالک آگے بڑھ رہے ہیں جن کی معیشت مضبوط ہے۔گزشتہ دنوں علاقائی روابط اور پاکستان، ابھرتے مواقع' کے موضوع پر بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب میں صدر مملکت نے علاقائی روابط اور اقتصادی تعاون مضبوط بنانے کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان تاجکستان سے بلوچستان تک پانی لانے پر غور کررہا ہے، تاجکستان سے پانی لانے کیلئے متحدہ عرب امارات کے تعاون سے فزیبلٹی اسٹڈی مکمل کر لی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ سی پیک اور گوادر پورٹ علاقائی تجارت اور خوشحالی کے فروغ میں اہم کردار ادا کریں گے، پاکستان کا اسٹریٹجک محل وقوع علاقائی تجارت بڑھانے کیلئے انتہائی اہم ہے، پاکستان چین، وسطی ایشیا اور مشرق وسطیٰ کو جوڑنے کیلئے قدرتی تجارتی راہداری ہے۔ صدر آصف علی زرداری کا کہنا تھا کہ سی پیک اور گوادر ہماری آنے والی نسلوں کیلئے فائدہ مند ثابت ہوں گے، پاک چین اقتصادی راہداری اور گوادر پورٹ علاقائی تجارت اور خوشحالی کے فروغ میں اہم کردار ادا کریں گے۔ بہرحال یہ انتہائی اہم پیش رفت ہے کہ تاجکستان سے بلوچستان تک پانی لانے کا منصوبہ بنایا جارہا ہے جس سے آبی قلت کا خاتمہ ہوگا، زرعی انقلاب کے ساتھ دیگر مسائل حل ہونگے۔ سی پیک سمیت دیگر منصوبوں سے بلوچستان سمیت ملک بھر میں ترقی اور خوشحالی آئے گی جس کے ثمرات عوام تک پہنچانا حکومت کی ذمہ داری ہے تاکہ عام لوگوں کی زندگیوں میں معاشی تبدیلی آئے جبکہ مقامی سرمایہ کاروں کو بھی مواقع فراہم کرنے کے حوالے سے اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ ملکی صنعتیں ترقی کرسکیں جس سے برآمدات میں اضافے کے ساتھ مقامی لوگوں کیلئے بڑے پیمانے پر روزگار کے مواقع پیدا ہونگے۔امید ہے کہ گریٹ معاشی پالیسی کا تسلسل جاری رکھا جائے گا تاکہ ملک قرض کی بجائے اپنے پاؤں میں کھڑا ہوسکے جس سے بڑے سود سے قومی خزانہ پر بوجھ کا خاتمہ ہوگا، ملک خودکفیل ہوکر دنیا کے ترقی یافتہ وخوشحال ممالک میں شمار ہوگا۔

## سی پیک و گوادر ہماری آنے والی نسلوں کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں گے

صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ سی پیک اور گوادر ہماری آنے والی نسلوں کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری کا علاقائی روابط اور پاکستان: ابھرتے مواقع کے موضوع پر بین الاقوامی کانفرنس کے اختتامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاک چین اقتصادی راہداری اور گوادر پورٹ علاقائی تجارت اور خوشحالی کے فروغ میں اہم کردار ادا کریں گے، پاکستان کا اسٹریٹجک محل وقوع علاقائی تجارت بڑھانے کے لیے اہم موقع ہے، پاکستان چین، وسطی ایشیا اور مشرق وسطی کو جوڑنے کیلئے قدرتی تجارتی راہداری ہے، اپنی طویل قید کے دوران گوادر پورٹ کا چین سمیت دوست ممالک کے ساتھ مشترکہ اقتصادی مرکز کے طور پر تصور کیا، سی پیک اور گوادر ہماری آنے والی نسلوں کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں گے، پاکستان کا اسٹریٹجک محل وقوع علاقائی تجارت بڑھانے کے لیے اہم موقع ہے، پاکستان چین، وسطی ایشیا اور مشرق وسطی کو جوڑنے کیلئے قدرتی تجارتی راہداری ہے، اپنی طویل قید کے دوران گوادر پورٹ کا چین سمیت دوست ممالک کے ساتھ مشترکہ اقتصادی مرکز کے طور پر تصور کیا، سی پیک اور گوادر ہماری آنے والی نسلوں کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں گے، پاکستان تاجکستان سے بلوچستان تک پانی لانے پر غور کر رہا ہے، تاجکستان سے پانی لانے کیلئے متحدہ عرب امارات کے تعاون سے فزیبلٹی سٹڈی مکمل کر لی گئی، صدر مملکت نے خطے میں اقتصادی اور ثقافتی تعلقات مزید مضبوط بنانے کے لیے تاریخی تجارتی راستوں کو بحال کرنے کی اہمیت پر زور دیا، وزیر اعلی بلوچستان سرفراز بگٹی نے سی پیک کے تصور، آغاز اور نفاذ میں صدر آصف علی زرداری کے کردار کو سراہا، سرفراز بگٹی نے کہا کہ گوادر بندرگاہ کو جدید ترین سہولیات کے ساتھ ایک اہم عالمی بندرگاہ میں تبدیل کیا جائے گا، گوادر بندرگاہ بلوچستان کے عوام کے لیے امید اور مواقع کی علامت ہے، سی پیک پاکستان اور چین کے درمیان دیرینہ دوستی کا عکاس ہے، حکومت بلوچستان میں گورننس، عوامی تحفظ، سماجی ترقی اور مقامی کمیونٹیز کو با اختیار بنانے پر توجہ مرکوز کر رہی ہے، گوادر بندرگاہ بلوچستان کے عوام کے لیے امید اور مواقع کی علامت ہے، سی پیک پاکستان اور چین کے درمیان دیرینہ دوستی کا عکاس ہے، حکومت بلوچستان میں گورننس، عوامی تحفظ، سماجی ترقی اور مقامی کمیونٹیز کو با اختیار بنانے پر توجہ مرکوز کر رہی ہے، تقریب سے پاکستان چائنہ انسٹی ٹیوٹ کے چیئرمین سینیٹر مشاہد حسین سید نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سی پیک نئے روابط اور علاقائی شراکت داری کو فروغ دینے میں اہم ثابت ہوگا، جنوبی ایشیا میں روابط، اقتصادی، ثقافتی، تجارتی اور عوامی روابط کے لیے دلچسپی پیدا ہوئی، پاکستان علاقائی روابط کے فروغ میں اہم کھلاڑی کے طور پر ابھر رہا ہے۔ سی پیک نئے روابط اور علاقائی شراکت داری کو فروغ دینے میں اہم ثابت ہوگا، جنوبی ایشیا میں روابط، اقتصادی، ثقافتی، تجارتی اور عوامی روابط کے لیے دلچسپی پیدا ہوئی، پاکستان علاقائی روابط کے فروغ میں اہم کھلاڑی کے طور پر ابھر رہا ہے۔ صدر آصف علی زرداری کے حالیہ دورہ چین نے پاک چین تعلقات کو مزید مستحکم کیا، سی پیک کو دوبارہ ترقی کی راہ پر گامزن کر دیا۔

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 6

Dated: 20 FEB 2025 Page No. 37


## بلوچستان: پنجابی شناخت والے مسافروں کا قتل

بلوچستان کے علاقے بارکھان میں نیشنل ہائی وے پر مسلح افراد نے کوئٹہ سے لاہور آنے والی بس کو روک کر شناختی کارڈ دیکھ کر مسافروں کو اتارا اور پہاڑوں میں لے جا کر قتل کر دیا۔ بلوچستان میں بس سے مسافروں کی شناخت کر کے قتل کرنے کے واقعات میں تشویشناک حد تک اضافہ ہو گیا ہے۔ قدرتی وسائل سے مالا مال صوبے میں ملک دشمنوں کے ایماء پر پنجابیوں اور سندھیوں کو شناخت کر کے قتل کرنے کا مقصد پاکستان کی اکائیوں میں نفرت کے بیج بونے کے سوا اور کچھ نہیں۔ اس کے علاوہ دہشت گرد بلوچستان میں ترقیاتی کاموں میں مصروف ملکی اور غیر ملکی انجینئروں کو بھی ٹارگٹ کر رہے ہیں جو بلوچستان دشمنی کے مترادف ہے۔ بظاہر دہشت گردوں کے اس قسم کے بزدلانہ اقدامات کا مقصد خوف و ہراس پھیلا کر بلوچستان میں ترقیاتی کاموں کو روکنا ہے۔ گزشتہ روز صدر مملکت نے بلوچستان میں ترقی پر خصوصی توجہ دینے اور گوادر کو بلوچستان سمیت پاکستان کے لئے گیم چینجر قرار دیا۔ اس میں شبہ نہیں کہ حکومت بلوچستان کی تعمیر و ترقی پر خصوصی توجہ دے رہی ہے تو سکیورٹی فورسز علاقے میں امن بحال کرنے کے لئے لازوال قربانیاں دے رہی ہیں۔ بہتر ہو گا سکیورٹی فورسز دہشت گردوں کے خلاف گھیرا مزید تنگ کرنے کے ساتھ قومی شاہراہوں پر سکیورٹی بڑھائیں اور قومی شاہراہوں کی فضائی نگرانی اور فوری ردعمل یقینی بنایا جائے تاکہ ملک دشمنوں کو بے گناہ شہریوں کے قتل سے روکا جا سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: منیزان

Bullet No. 6

Dated: 20 FEB 2025 Page No. 39

**تعلیمی ترقی کے لیے اہم اقدام: سوئی میں یونیورسٹی سب کیمپس کا قیام**

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت کی تعلیمی ترقی کے وژن کی روشنی میں، بلوچستان کابینہ کی منظوری کے بعد گورنر بلوچستان و چانسلر پبلک سیکٹر یونیورسٹیز کی جانب سے میر غلام قادر بگٹی سب کیمپس آف میر چاکر خان رند یونیورسٹی ایٹ سوئی کے قیام کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ یہ سب کیمپس بلوچستان یونیورسٹیز ایکٹ 2022 کے تحت قائم کردہ وائس چانسلرز کمیٹی کی سفارشات اور حکومت بلوچستان (صوبائی کابینہ) کی منظوری کے بعد قائم کیا گیا ہے، جو فوری طور پر نافذ العمل ہوگا۔

اس فیصلے کے تحت میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی کا نیا سب کیمپس سوئی میں قائم ہوگا، جس سے علاقے کے طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع میسر آئیں گے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت تعلیمی شعبے میں ترقیاتی اقدامات کو اولین ترجیح دے رہی ہے، تاکہ بلوچستان کے نوجوانوں کو معیاری اور جدید تعلیم ان کے اپنے علاقوں میں دستیاب ہو سکے۔

اس اقدام کا مقصد بلوچستان میں تعلیمی ترقی کو فروغ دینا اور جدید تعلیمی سہولیات کو مزید وسعت دینا ہے، تاکہ مقامی طلبہ کو معیاری تعلیم ان کے اپنے علاقے میں دستیاب ہو۔ اس سلسلے میں میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی کے وائس چانسلر کو بھی ہدایت دی گئی ہے کہ وہ نئے قائم شدہ سب کیمپس کی ایچ ای سی سے منظوری اور یہاں سے جاری ہونے والی ڈگریوں کی باقاعدہ تسلیم شدگی کے لیے ضروری اقدامات کریں۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے تعلیمی ترقی کے وژن کے تحت، صوبائی حکومت مزید ایسے منصوبوں پر کام کر رہی ہے جو بلوچستان میں اعلیٰ تعلیمی اداروں کی تعداد میں اضافے اور تعلیمی سہولیات کی بہتری کو یقینی بنائیں گے۔ اس اقدام سے نہ صرف بلوچستان کے نوجوانوں کو بہتر تعلیمی مواقع فراہم ہوں گے بلکہ صوبے میں ترقی و خوشحالی کے ایک نئے دور کا آغاز بھی ہوگا۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: مشرق

Bullet No. 6

Dated: 20 FEB 2025 Page No. 40

## وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی زیرِ صدارت اہم اجلاس

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئندہ مالی سال 2025/26 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام (پی ایس ڈی پی) کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کی، جس میں مختلف محکموں کے انتظامی سیکرٹریز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، بجٹ کی تقسیم، اور ترجیحی شعبوں پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔

وزیر اعلیٰ نے تمام محکموں کو ہدایت کی کہ ترقیاتی اسکیموں کو عوامی ضروریات اور بلوچستان کی پسماندگی کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا جائے۔ انہوں نے زور دیا کہ جاری منصوبوں کو مقررہ وقت میں مکمل کرنے کے لیے مؤثر حکمت عملی اختیار کی جائے، تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل ہو سکیں۔ میر سرفراز بگٹی نے تمام انتظامی سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ وہ ترقیاتی بجٹ کے استعمال میں شفافیت اور موثر نگرانی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ترقیاتی اسکیموں کے انتخاب میں میرٹ اور عوامی مفاد کو اولین ترجیح دی جائے۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان حکومت تمام اضلاع میں یکساں ترقیاتی مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے، اور اس سلسلے میں ہر شعبے میں جامع حکمت عملی اپنائی جا رہی ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ پی ایس ڈی پی کے تحت نئے منصوبوں کی منصوبہ بندی میں جدید تکنیکی طریقے اپنائیں، تاکہ ترقیاتی عمل کو مزید مؤثر اور نتیجہ خیز بنایا جا سکے۔

اجلاس کے دوران مختلف محکموں کے سیکرٹریز نے وزیر اعلیٰ کو اپنے اپنے محکموں میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی اور درپیش چیلنجز سے آگاہ کیا۔ وزیر اعلیٰ نے حائل مشکلات کے حل کے لیے فوری اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی اور محکموں کو تاکید کی کہ وہ باہمی تعاون کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6 (11)

Dated: 20 FEB 2025 Page No. 41

# Quetta's crumbling road network

The roads of Quetta tell a story of neglect and decay. Potholes the size of craters, crumbling sidewalks, and faded traffic markings define the landscape of what should be a thriving urban environment. Daily commuters face treacherous driving conditions, putting their safety at risk and often leading to traffic accidents. These deteriorating roads also affect public transportation systems, causing delays that ripple through the lives of ordinary citizens. The impact on local businesses is palpable; the cumbersome travel hinders accessibility, discouraging consumers from reaching shops and markets, and deterring potential investors. The situation is compounded by the unique geographical challenges that Quetta faces. Being situated at a higher altitude means that winters can be particularly harsh, with snowfall adding to the risk of road closures and disruptions. Yet, rather than responding to these challenges with foresight and planning, successive administrations have opted for ad hoc solutions patchwork repairs that fail to address the underlying problems.

This short-sightedness not only wastes public funds but also perpetuates a cycle of deteriorating infrastructure. Population of Quetta has been growing rapidly, creating an escalating demand for an improved transport network. As more people flock to the city in search of better opportunities, the existing roads, which are already in disrepair, have become insufficient. This surge in population also means that the city needs roads that can accommodate increased vehicular traffic while ensuring pedestrian

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 20 FEB 2025 Page No. 3


## بلوچستان میں زمینی بندوبست اور ڈیجیٹائزیشن کا عمل

تحریر: صاحبزادہ عتیق اللہ خان

بلوچستان کئی دہائیوں سے بنیادی انتظامی مسائل کا شکار رہا ہے ان مسائل میں زمینی بندوبست (لینڈ سیٹلمنٹ) اور اس کے ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن ہے، جس کی عدم موجودگی نہ صرف عوامی مشکلات میں اضافہ کر رہی ہے بلکہ صوبے کی ترقی میں بھی رکاوٹ بنی ہوئی ہے۔ برطانوی دور حکومت میں ہر 25 سال بعد زمینوں کی پیمائش، ملکیت کا تعین، اور مردم شماری کے تحت انتخابی حلقہ بندیوں کا نظام موجود تھا، مگر آزادی کے بعد اس عمل میں شدید کوتاہی برتی گئی۔ بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں گزشتہ 75 سالوں سے زمینوں کا کوئی بندوبست نہیں ہوا، جبکہ جو علاقے بندوبست کے عمل سے گزرے، ان کی تجدید بھی نہیں کی گئی۔ یہ صورتحال حکومتی پالیسیوں اور ترقیاتی منصوبوں کے لیے ایک سنگین چیلنج بن چکی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور بورڈ آف ریونیو کے وزیر میر عامر گردگیلو کو فوری طور پر اس مسئلے پر توجہ دینے کی ضرورت ہے تاکہ بلوچستان کے زمینوں کے ریکارڈ کو ڈیجیٹل کیا جائے اور بندوبست کا کام مکمل ہو۔ زمینی بندوبست میں تاخیر کے اثرات سے عوامی مسائل بڑھ رہے ہیں واضح ریکارڈ نہ ہونے کی وجہ سے قبائلی اور خاندانی جھگڑوں میں اضافہ ہو رہا ہے، جس سے لاء اینڈ آرڈر کے مسائل جنم لے رہے ہیں۔ قانونی پیچیدگیاں بھی بڑھی ہیں غیر رجسٹرڈ زمینوں کی خرید و فروخت مشکل ہو چکی ہے، جس سے عوام کے ساتھ ساتھ سرکاری ادارے بھی مشکلات کا شکار ہیں۔ حکومت کے پاس زمینوں کا درست ریکارڈ نہ ہونے کی وجہ سے کئی علاقوں میں پانی، بجلی، گیس اور سڑکوں جیسے بنیادی منصوبے نہیں بن پا رہے۔ سرکاری منصوبے، جیسے اسپتال، اسکول، اور انڈسٹریل زونز کے لیے زمین کے حصول میں مشکلات ہو رہی ہیں، جس کی وجہ سے ترقیاتی عمل سست روی کا شکار ہے۔ علاوہ ازیں مردم شماری اور انتخابی عمل میں شفافیت متاثر ہو رہی ہے، جس سے سیاسی عدم استحکام پیدا ہو رہا ہے اور زمینوں کے ریکارڈ کی عدم موجودگی کی وجہ سے ٹیکس اور فیسوں کی مد میں اربوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے۔ بلوچستان حکومت نے 2017 میں زمینوں کے ریکارڈ کو ڈیجیٹلائز کرنے کے لیے "بلوچستان لینڈ ریکارڈ اینڈ ریونیو مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم شروع کیا تھا۔ اس منصوبے کے پہلے مرحلے میں ضلع کوئٹہ، گوادر، جعفرآباد اور پشین شامل تھے 2023ء میں اس میں مزید اضلاع شامل کیے گئے کئی سال گزرنے کے باوجود یہ منصوبہ ابھی تک مکمل نہیں ہو سکا شاید حکومت نے اس منصوبے کے لیے مناسب فنڈنگ فراہم نہیں کی، جس سے یہ تاخیر کا شکار ہوا۔ بلوچستان کے عوام اور تمام اسٹیک ہولڈرز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور بورڈ آف ریونیو کے وزیر میر عامر گردگیلو سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ زمینوں کے ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کو تیز کریں اور سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو کو واضح ہدایات دیں کہ بی ایل آر ایم ایس منصوبے 2025 کے آخر تک مکمل کیا جائے۔ کوئٹہ اور دیگر اضلاع کے ان متاثرہ علاقوں میں زمینی بندوبست کا کام اسی سال مکمل کیا جائے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ہاتھوں اس منصوبے کا افتتاح کیا جائے، تاکہ عوام میں اعتماد بحال ہو۔ صوبے کے تمام اضلاع میں زمینوں کی نئی پیمائش اور رجسٹریشن کا عمل فوری طور پر شروع کیا جائے۔ ہر 25 سال بعد بندوبست کی تجدید کو قانونی طور پر لازمی قرار دیا جائے۔

- تمام زمینوں کا ریکارڈ اسکین کر کے ڈیجیٹل نظام میں منتقل کیا جائے منصوبے کی فوری تکمیل کے لیے بجٹ میں اضافہ کیا جائے۔
- ڈیجیٹل سسٹم میں شفافیت لانے کے لیے ماہرین کی خدمات حاصل کی جائیں۔ محکمہ مال میں مبینہ کرپشن کے خلاف سخت کارروائی کی جائے زمینوں کے انتقال اور رجسٹریشن کے عمل کو جدید ٹیکنالوجی سے منسلک کیا جائے۔
- لوگوں کو زمینوں کی رجسٹریشن کے فوائد کے بارے میں آگاہ کیا جائے غیر رجسٹرڈ زمینوں کو سرکاری ریکارڈ میں شامل کرانے کے لیے خصوصی اسکیمیں متعارف کرائی جائیں بلوچستان میں زمینوں کے ریکارڈ کا عدم وجود عوامی مشکلات میں اضافے اور صوبے کی ترقی میں رکاوٹ کا باعث بن رہا ہے۔ اگر حکومت نے فوری طور پر اس مسئلے کے حل کے لیے اقدامات نہ کیے، تو آنے والے سالوں میں یہ بحران مزید شدت اختیار کر سکتا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 6

Dated: 20 FEB 2025 Page No. 45


# بلوچستان کو جیتنا ہے تو دل جیتیں!


پیامبر

قادر خان یوسف زئی

qakhs1@gmail.com




بلوچستان! وہ سرزمین جہاں زمین سونا اگلتی ہے۔ جہاں ساحل کی لہریں گوادر کی بندرگاہ سے ٹکرا کر عالمی تجارت کے خواب دیکھتی ہیں، مگر انہی ساحلوں پر خون بہتا ہے، جہاں سرحدی ہوائیں امن کی خوشبو کے بجائے بندوقوں کی بارود سے آلودہ ہو چکی ہیں۔ یہی بلوچستان ہے، جہاں کے مسائل پر ہم سب خود کو بے بس سمجھنے لگے ہیں۔ ایک بار پھر بلوچستان کے علاقے بارکھان میں مسافر بس سے شناخت کے بعد 7 مسافروں کو اتار کر شہید کر دیا گیا۔

بلوچستان کی شورش کوئی نئی نہیں، لیکن اس کے محرکات پر بات کرنا ہمیشہ سے ایک نازک معاملہ رہا ہے۔ انتہا پسند گروہ کا ایک الگ ایجنڈا ہے تو، قوم پرست رہنما کا بیانیہ کچھ اور ہے، اور حقیقت شاید ان کے بیچ میں کہیں دفن ہے۔ آج بھی انتہا پسند حملے کر رہے ہیں، اور معصوم لوگ اپنی زندگیوں کی بازی ہار رہے ہیں۔ آخر یہ خونریزی کب رکے گی؟

بلوچستان میں عسکری سرگرمیاں بڑھ رہی ہیں، اور ان کا طریقہ کار پہلے سے زیادہ منظم ہو چکا ہے۔ بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے)، بلوچ لبریشن فرنٹ (بی ایل ایف)، بلوچ ریپبلکن آرمی (بی آر اے) اور دیگر عسکری دہشت گرد گروہ ایک نئی حکمت عملی کے ساتھ سامنے آ رہے ہیں۔ ایک زمانہ تھا جب پرتشدد واقعات کا تعلق صرف قبائلی عمائدین اور سرداروں کے اثر و رسوخ سے جڑا تھا، مگر اب یہ دہشت گرد کاروائیاں متوسط طبقے کے پڑھے لکھے نوجوانوں تک پہنچ چکی ہے، اور حیران کن بات یہ ہے کہ اس میں خواتین بھی شامل ہونے لگی ہیں۔ شاری بلوچ جیسی خودکش حملہ آور کے سامنے آ جانے کے بعد یہ واضح ہو گیا کہ یہ سازش صرف بندوق تک محدود نہیں رہی بلکہ اسے فکری اور نظریاتی سطح پر بھی ایک نئی سمت دی جا رہی ہے۔ یہ انتہا پسند گروہ ریاست کو چیلنج کر رہے ہیں، مگر سوال یہ ہے کہ انہیں ایسا کرنے پر مجبور کس نے کیا؟ کیا یہ محض چند مفاد پرستوں کی تخریب کاری ہے؟ بلوچ قوم پرستوں کا کہنا ہے کہ بلوچستان کے وسائل سے عوام کو فائدہ نہیں پہنچ رہا۔ معدنی ذخائر سے مالا مال ہونے کے باوجود بلوچستان کا شمار ملک کے سب سے پسماندہ علاقوں میں ہوتا ہے۔ ترقیاتی منصوبے آتے ہیں، مگر ان کے ثمرات بلوچستان کے عوام تک نہیں پہنچے۔

1970 کی دہائی میں بھی بلوچستان میں فوجی آپریشن کیے گئے، پرویز مشرف کے دور میں اکبر بگٹی کا قتل ایک اور پرتشدد کاروائیوں کی بنیاد بنا، اور آج بھی عسکریت پسندی کو دبانے کے لیے طاقت کا سہارا لیا جا رہا ہے۔ مگر سوال یہ ہے کہ کیا یہ پالیسی کارگر ثابت ہو رہی ہے؟ اگر طاقت کے استعمال سے مسئلہ حل ہو سکتا تو آج بلوچستان میں امن ہوتا، مگر حقیقت اس کے برعکس کیوں ہے۔ انتہا پسند عسکری گروہوں کا یہ موقف ہے کہ وہ بلوچ حقوق کی جنگ لڑ رہے ہیں، جبکہ ریاست انہیں دہشت گرد کہتی ہے۔ سیکورٹی فورسز اور عام شہریوں پر ہونے والے حملے یہ ثابت کر چکے کہ انتہا پسند گروہ نہ صرف ریاست بلکہ بے گناہ شہریوں کے بھی دشمن ہیں۔ پنجابی، سرائیکی اور پشتون مزدوروں کو اغوا کر کے قتل کرنے کی کارروائیاں اس امر کا ثبوت ہیں کہ یہ کوئی سیاسی جدوجہد نہیں بلکہ ایک پرتشدد دہشت گرد کاروائیاں ہیں۔

بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں پر حملے ایک نئی حکمت عملی کے طور پر سامنے آئے ہیں۔ سی پیک کے تحت گوادر اور دیگر علاقوں میں جاری ترقیاتی منصوبے انتہا پسندوں کے لیے بنیادی ہدف بن چکے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ چینی انجینئرز اور کارکنوں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ بلوچستان کے مسئلے کا حل معصوم شہریوں کا شناخت کر کے قتل کرنا یا اس کا حل بم دھماکوں میں ہے؟ کیا ترقیاتی منصوبوں کو سبوتاژ کر کے بلوچستان کو مزید پسماندگی میں دھکیلنا عقل مندی ہے؟ یقیناً انتہا پسندوں کا ایجنڈا کچھ اور ہے جس کا مقصد بلوچستان کے حقوق اور ان کی عوام کو ریلیف دینا نہیں بلکہ تکلیف کو بڑھانا ہے۔

ریاستی ادارے بار بار یہ ثابت کر چکے ہیں کہ بلوچستان میں ہونے والی پرتشدد کاروائیوں کے پیچھے بھارت، افغانستان اور دیگر بیرونی قوتوں کا ہاتھ ہے۔ بھارتی خفیہ ایجنسی را (RAW) پر بلوچ عسکریت پسندوں کی مالی اور عسکری معاونت کا الزام لگایا جاتا ہے، اور اس کے کئی شواہد بھی پیش کیے جا چکے ہیں۔ یہ سوال سب سے اہم ہے کہ بلوچستان کے عوام کا اصل دشمن کون ہے؟ ریاست جو انہیں ترقی کے وعدے دیتی ہے، سیکورٹی فورسز جو مسلسل قربانیاں دے رہی ہے یا وہ عسکریت پسند جو بلوچستان کے نام پر دہشت گردی کر رہے ہیں، اور عام بلوچوں اور صوبے کی تمام قومیتوں کو ترقی سے بھی محروم کر رہے ہیں، ثابت ہو چکا ہے کہ وہ بیرونی قوتیں جو بلوچ نوجوانوں کو استعمال کر کے پاکستان کو کمزور کرنے کی کوشش کر رہی ہیں، ان کا ایجنڈا پاکستان کو غیر مستحکم کرنا ہے۔

بلوچ عوام کا سب سے بڑا دشمن وہ طبقہ ہے جو انہیں آگ میں جھونک رہا ہے، چاہے وہ کوئی بھی ہو، عسکریت پسند گروہ ہوں، یا بیرونی طاقتیں۔ بلوچستان کی ترقی تب ممکن ہے جب وہاں کے عوام کو فیصلہ سازی میں شامل کیا جائے، جب وہاں کے نوجوانوں کو بندوق کے بجائے قلم دی جائے، جب وہاں کے وسائل پر مقامی لوگوں کا حق تسلیم کیا جائے، اور جب بلوچ عوام کو صرف حب الوطنی کے سرٹیفکیٹ دینے کے بجائے ان کے مسائل کو سنجیدگی سے حل کیا جائے۔

ریاست کے پاس واحد یہی راستہ ہے کہ بندوق کے زور پر دہشت گردی کو دبانے کی پالیسی جاری رکھے، اور مذاکرات اور ترقی کے ذریعے بھی بلوچستان کے دل جیتے۔ نام نہاد قوم پرست کے صرف نیشنل ازم کے نعروں سے کام نہیں چلے گا، بلکہ بلوچستان کے عوام کو ساتھ لے کر چلنا ہوگا، ان کے زخموں پر مرہم رکھنا ہوگا، اور انہیں یہ یقین دلانا ہوگا کہ پاکستان صرف پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا یا اسلام آباد کا نہیں، بلکہ بلوچستان کا بھی اتنا ہی ہے جتنا کہ کسی اور کا۔ یہی وہ راستہ ہے جو بلوچستان کو دہشت گردی سے بچا کر ترقی کی راہ پر ڈال سکتا ہے، اور یہی وہ راستہ ہے جو پاکستان کے اتحاد کو محفوظ رکھ سکتا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ Dated: 20 FEB 2025 Page No.________




حب: صوبائی وزیر علی حسن زہری وڈیرہ رجب رند سے ان کی رہائشگاہ پر ملاقات کررہے ہیں



صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران اپنے دفتر میں سرکاری امور کی انجام دہی میں مصروف ہیں